(۱) "جارية القبطية، اهدوها لرسول الله (صلى الله تعالى عليه وسلم) ... عن المقوقس صاحب الإسكندرية إلى رسول الله (صلى الله تعالى عليه وسلم) في سبع من القبط جارية، مارية وأختها سيرين، وألف مثقال ذهبا، وعشرين ثوبا، وبغلة البغلة، وحمارة عفير، ويقال يعفور، ومع ذلك خصي مقال له مابور، ضيخ كبير، كان أخا مارية، ومعث بذلك كله مع حاطب بن أبي بلتعة فعرض حاطب بن أبي بلتعة على مارية الإسلام ورغبها فيه فأسلمت، وأسلمت أختها، وأقام الخصي على دينه حتى أسلم بالمدينة بعد في عهد رسول الله (صلى الله تعالى عليه وسلم)، وكانت مارية بيضاء جميلة، فأعجب رسول الله (صلى الله تعالى عليه وسلم) في العالية في العدل الذي صار يقال له سيبه الله أعرفه، وكان يحتلف إليها فبنى بها وتسرى بملك اليمين، وحرمت عليها مع ذلك الحجاب، فحملت منه، ووضعت ابنه إبراهيم في ذي الحجة سنة ثمان." (الإصابة، كتاب النساء، حرف الميم، القسم الأول: ۸ / ۳۱۱، دار الكتب العلمية بيروت)

وكذا في أسد الغابة، النساء، حرف الميم، (۶ / ۲۶۳، دار الفكر)

وكذا في تاريخ الطبري، ذكر مدة ما لرسول الله (صلى الله تعالى عليه وسلم) (۲ / ۲۰۲، دوسنة الاعلمي)

(۲) الغنيمة: ما نيل من أموال الكفرة بجهة القتال وقهر الكفرة ... قوله (للفارس أي ولفرسه-

"ب" کہتے ہیں جس کی نفع ہمارا آتا ہے(۱)، قرآن کریم نے ایسے افراد کو ﴿ما ملکت أیمانکم﴾ سے تعبیر کیا ہے(۲)، یعنی جو غلام و باندیاں تمہاری ملک میں ہیں، جو لونڈی جس کی ملک میں آئے، اس کو یہ بھی حق ہے کہ اس سے خدمت لے، یہ بھی حق ہے کہ فروخت کردے، یہ بھی حق ہے کہ ہبہ کردے، یہ بھی حق ہے کہ اس سے صحبت کرے، لیکن اگر لونڈی کا کسی سے نکاح کردیا ہے تو مالک کو اب اس سے صحبت کا حق نہیں رہا(۳)۔ جس لونڈی کو مالک صحبت کے لئے تجویز کرے کہ اس سے صحبت کیا کریں گے تو وہ اس کی "سریہ" کہلاتی ہے،

= لأحکامھم "الفیء": أي. من حمل الوطء، والبیع والعتق والإرث، بخلاف عاقل القسمة". (ردالمحتار، کتاب الجهاد، باب الغنائم وقسمتها: ۴/۱۳۹ - ۴، سعید)

"الغنائم جمع غنیمة، وهي اسم لمال مأخوذ من الکفرة بالقهر والغلبة والحرب قائمة، وحکمها أن یخمس والباقي بعد الخمس للغانمین خاصة (قسمة) بین المسلمین، أي. الغانمین کما فعل رسول الله صلی الله تعالی علیه وسلم) بخیبر فجعلها بکون نصف البلاد عنوة وقبه بشعار، بأنه یسترق نساؤهم وذراریهم". (مجمع الأنهر، باب الغنائم وقسمتها: ۱/۶۴۰، دارالکتب العلمیة بیروت)

(وکذا في حاشیة الطحطاوي، کتاب الجهاد، باب الغنائم وقسمتها: ۲/۴۳۴، دارالکتب العلمیة بیروت)

(۱) "الأمة المرأة المملوکة خلاف الحرة وتقول، یا أمة الله کما تقول یا عبدالله (جمع) إماء، وأم". (المعجم الوسیط، باب الهمزة، ص: ۲۸، مکتبة الإسلامیة)

"أما لغة: المملوکة خلاف الحرة، وجمع الأمة أموات وإماء". (لسان العرب، ص: ۱۴/۴۴، دار صادر)

(وکذا في المحکم، ص: ۱۸، بیروت)

(۲) قال الله تعالی: ﴿إلا المحصنات من النساء إلا ما ملکت أیمانکم﴾ (النساء: ۲۴)

(۳) "وأما في الأمة فلحرمة الاستمتاع بها علیه بالنکاح". (فتح القدیر، کتاب النکاح، باب نکاح الرقیق، ۳/۳۹۱، مصطفی البابی)

"عن رویفع ابن ثابت رضي الله تعالی عنه، عن النبي صلی الله تعالی علیه وسلم، قال: من کان یؤمن بالله والیوم الآخر فلا یسق ماءه ولد غیره". (سنن الترمذي، کتاب النکاح، باب ماجاء في الرجل یشتري الجاریة وهي حامل، ۱/۲۰۳، رقم الحدیث: ۱۱۳۱، دارالکتب العلمیة بیروت)

(سنن أبي داود، کتاب النکاح، باب في وطء السبایا، ۱/۳۱۰، مکتبه رحمانیه)

www.ahlehaq.org

www.ahlehaq.org

۱۔ (السیرۃ الحلبیۃ لمتحدۃ للمشک والجمع ۔ وسجمع سیری وفی حدیث خاصۃ وذکر فیہا لمتحدۃ فخالب وانہ متحد فی کلام العرب لا سکاح والاستمرار، تربیہ لمحدۃ لمعروب ۔ السان العرب ۲ ۳۵۱۔ دار صادر)

۲۔ (السیرۃ الحلبیۃ لمتحدۃ للمشک والجمع ۔ المعجم الوسیط ص ۔ ۲۔ مکتبہ الاسلامیہ)

۳۔ (قولہ اوسیدہ ۔ حاریۃ اصابہا او جل مالک لہمرام لنکاح او بالشبہۃ ثم ملکہا ۔ ردالمحتار، کتاب العتق، باب الاستبراء، ص ۲۹۹ ۔ معتمد)

(۴) (ولست لابنہ من مولاہا فقط سنزلۃ ولیدہ ۔ والفتاوی الہندیۃ، کتاب العتق فی نہایت الارباد ۲ ۳۵۳۔ قدیمی)

(۵) (کذا فی الصحاح ۔ کتاب العتاق، باب الاستبراء ۲ ۳۵۳۔ مکتبہ شرکت علمیہ)

(۶) (الاستبراء بعضہا ۔ وہو حبس مخصوص بمدۃ بنوبۃ ۔ والفتاوی الہندیۃ، کتاب العتق فی نہایت الارباد ۲ ۳۵۳۔ قدیمی)

(۷) (کذا فی الہدایہ ۔ کتاب العتق، باب الاستبراء ۲ ۳۵۳۔ مکتبہ شرکت علمیہ)

(۸) (کذا فی البحر الرائق، کتاب البیوع، باب بیع الفاسد ۱۲۲ ۔ رشیدیہ)

(۹) (الجوہرۃ النیرۃ ۔ ص ۵۰)

سورۃ ۶۶ آیت ۱)، یعنی "حضرت ابراہیم حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بیٹے جو ماریہ قبطیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بطن سے پیدا ہوئے تھے اور ماریہ قبطیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا حضرت اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سریہ (لونڈی باندی) تھیں، جن کے نکاح کی ضرورت نہیں تھی، بلکہ کتب فتاویٰ عالمگیری (۲)، مجمع الانہر (۳)، بحر الرائق (۴)، شامی (۵) وغیرہ سب میں مذکور ہے کہ مالک کا نکاح اپنی مملوکہ لونڈی سے جائز نہیں۔

جن عورتوں سے حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نکاح کیا ہے، وہ کل ازواج مطہرات ہیں۔ حافظ ابن حجر عسقلانی (۶)، حافظ بدر الدین عینی (۷)، شیخ عبد الحق محدث دہلوی وغیرہ اکابر نے ان کی تفصیل فہرست اپنی کتابوں میں لکھی ہے اور ہر ایک کے متعلق بتایا ہے کہ کس سے کس سن میں نکاح ہوا، ماریہ قبطیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو ان میں شمار نہیں کیا، جس سے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نکاح نہیں کیا۔ بلکہ شرعاً اس سے نکاح کرنا جائز بھی نہیں، اس کے متعلق یہ کہنا کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ضرور نکاح کیا ہوگا اور یہ کہنا

---

(۱) راجع رقم الحاشیۃ ۲، ص ۵۰

(۲) "إذا زوج الرجل أمته أو مكاتبه أو مدبرته أو أم ولده أو أمة يملك بعضها ثم يملك ذلك نكاحاً". (الفتاوى العالمكيرية، كتاب النكاح، الباب السابع المحرمات بالملك، ۲۸۲/۱، رشيديه)

(۳) مجمع الأنهر، كتاب النكاح، باب المحرمات: ۳۸۶/۱، مكتبه غفاريه كوئته)

(۴) البحر الرائق، كتاب النكاح، فصل في المحرمات: ۱۸۰/۳، رشيديه)

(۵) رد المحتار، كتاب النكاح، فصل في المحرمات: ۴۳/۳، سعيد)

(۶) "أن الأولى كانت في أول قدومه المدينة حيث كان تحته تسع نسوة. والحالة الثانية في آخر الأمر حين اجتمع عنده إحدى عشرة امرأة، وموضع الوهم منه أنه صلى الله تعالى عليه وسلم لما قدم المدينة، ثم يكن تحته امرأة سوى سودة، ثم دخل على عائشة بالمدينة، ثم تزوج أم سلمة، وحفصة وزينب بنت خزيمة في السنة الثالثة والرابعة، ثم تزوج زينب بنت جحش في الخامسة، ثم جويرية في السادسة، ثم صفية وأم حبيبة وميمونة في السابعة، وهؤلاء جميع من دخل بهن من الزوجات بعد الهجرة على المشهور". (فتح الباري، كتاب الغسل، باب إذا جامع ثم عاد، ومن دار على نسائه في غسل واحد: ۵۹۶، قديمي)

(۷) عمدة القاري، كتاب الغسل، باب إذا جامع ثم عاد، ومن دار على نساء في غسل واحد ۳۲۰/۳، دار الكتب العلمية بيروت)

حرم نبوی میں داخل ہوئیں، یہ بے پاجسارت ہے، استغفر اللہ العظیم ایسی جسارت پر وعید شدید ہے اور یہ حقیقت سے ناواقف ہونے پر مبنی ہے۔

سریہ کا رواج صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اور دوسرے حضرات میں بھی رہا، اس وجہ سے ام ولد کی بیع سے متعلق فقہی جزئیات موجود ہیں اور آج کے دور میں نہ شرعی جہاد ہے، نہ کسی کو غلام یا لونڈی بنایا جاتا ہے، نہ سریہ کا وجود ہے، اس وجہ سے ایسے مسائل کے سمجھنے میں بھی ناواقف لوگوں کو دشواری ہوتی ہے، ممکن ہے کہ فاضل مجیب نے ناواقفیت کی وجہ سے الاکمال فی اسماء الرجال کی عبارت نقل کرتے وقت سریہ کا لفظ بیکار و مہمل سمجھ کر چھوڑ دیا ہو۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم وعلمہ اتم واحکم۔

املاہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲/۹/۱۳۹۹ھ۔

نبوت آدم علیہ السلام وخلافت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

سوال [۱۹۹۰۲]: آدم علیہ السلام نبی تھے یا نہیں؟ نیز خلافت راشدہ میں حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا شمار ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

حضرت آدم بھی نبی وعلیہم السلام نے بھی بذریعہ وحی احکام خداوندی کو حاصل کیا اور تبلیغ کی، نبی کی یہی شان ہوتی ہے(۱)۔ اس لحاظ سے وہ بھی نبی تھے(۲)۔

---

(۱) "والرسول إنسان بعثه الله إلى الخلق لتبليغ الأحكام، وقد يشترط فيه الكتاب، بخلاف النبي فإنه نحوه" (شرح العقائد، ص: ۱۰۹، قديمي)

"والرسول من له شريعة وكتاب فيكون أخص من النبي" (شرح الفقه الأكبر لابن المنتهى، ص: ۱۰۰، قطر)

(وكذا في شرح الفقه الأكبر لملا علي القاري، ص: ۱۲۰، قديمي)

(۲) "روى الطبراني ... أن رجلاً قال: يا رسول الله! نبي آدم؟ قال: نعم، قال: كم بينه وبين نوح؟ قال: عشرة قرون" (الفتاوى الحديثية، مطلب في عدد الأنبياء والرسل، ص: ۲۸۱، قديمي)

"عن ابن عباس رضي الله تعالى عنهما قال: قال رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم: ألا —

خلافت راشدہ جس کا تذکرہ حدیث شریف میں ہے، وہ حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پہلے پوری ہو چکی تھی (۱)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

تورات چھیننے سے آیت کے اترنے کا عقیدہ رکھنا

سوال [۹۱۰۲]: جس شخص کا عقیدہ ہو کہ موسیٰ علیہ السلام سے تورات چھیننے سے پہلے یہ آیت [بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ] فضل السیف (جہ) (البدایہ والنہایۃ ۸: ۹۸، باب خلق آدم)

"وأول الأنبياء آدم وآخرهم محمد عليهما السلام" (شرح العقائد النسفي، ص ۱۳۹، قديمي)

(۱) "عن سفينة رضي الله تعالى عنه، قال سمعت النبي صلى الله تعالى عليه وسلم يقول: الخلافة ثلاثون سنة، ثم تكون ملكاً، ثم قال سفينة، أمسك خلافة أبي بكر سنتين، وخلافة عمر عشرة، وعثمان اثني عشرة، وعلي ستة" (مشكاة المصابيح، كتاب الفتن، الفصل الثاني ۲: ۴۹۱، رقم الحديث ۵۴۹۵، دار الكتب العلمية بيروت)

"فعلي حق الخلفاء كالنبي خاتم الأنبياء، ومجدد خاتم الأولياء" (مرقاة المفاتيح، كتاب الفتن، الفصل الثاني ۱۰: ۲۲، رشيديه)

"والتحقيق أنه كان بعد علي رضي الله عنه نحو ستة أشهر مائلة من تلثي رضي مدة خلافة الحسن بن علي رضي الله تعالى عنهما، وكان كمال تلثي عند تسليم الحسن رضي الله تعالى عنه الخلافة إلى معاوية رضي الله تعالى عنه، وذكر بعضهم أن خلافة أبي بكر رضي الله تعالى عنه سنتان وثلاثة أشهر، وعمر رضي الله تعالى عنه عشر سنين وستة أشهر، وعثمان رضي الله تعالى عنه اثنا عشر سنة إلا عدة أيام، وعلي رضي الله تعالى عنه أربع سنين وتسعة أشهر" (الشرابي، مبحث اختلاف علي ومعاوية رضي الله تعالى عنهما، ص ۳۰۸، مكتبه حقانيه ملتان)

(۲) (يوسف ۱۰۰)

حضرت موسیٰ و حضرت عیسیٰ علیہما السلام کا امت محمدیہ میں ہونے کی دعا و خواہش کرنا

سوال [۹۰۱۵]: کیا یہ صحیح ہے کہ جب اس امت کی تعریف کی گئی تو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے خواہش کی کہ وہ اس امت سے ہوں؟

۲ یہ بات ہے یا نہیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام و حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اس امت میں ہونے کی خواہش کی یا دعا کی تھی؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

(۱) ... صحیح ہے اور بخاری وغیرہ میں روایت موجود ہے جس میں یہ خواہش ذکر ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

تحریر العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۳/ ۹/ ۶۴ھ۔

حضرت عیسیٰ نبی ہوں گے یا امتی اور ان پر وحی آئے گی یا نہیں؟

سوال [۹۰۱۶]: آپ نے لکھا ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام جب نزول فرمائیں گے تو ان کی نبوت کی حیثیت سے نہیں بلکہ ایک امتی کی حیثیت سے آسمان سے زمین پر تشریف لائیں گے۔ ان پر وحی نازل ہوگی۔ نہ وہ نبی کی حیثیت سے آئیں گے اور نہ ہی کسی حضرت نبی یا امام و مجدد قدس اللہ تعالیٰ علیہ الہام یا وحی نازل ہوگی۔ اس کا یہ مطلب باقی نہیں رہتا کہ ان کے اندر اس وصف امتی ہونے کو تحریر کیا ہے؟ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا امتی ہونا" کا تب و مخاطب دونوں ہی ایک پوزیشن میں یہ بھی لکھا کہ "وہ ایک امتی نزول جس نے عالم میں

۱: أخرج الحاكم الأحاديث في المستدرك، وقال: هذا حديث صحيح على شرط الشيخين ولم يخرجاه، وأخرجه أيضا الطبراني في الأوسط، وابن مردويه في تفسيره، وأبو نعيم في المعرفة، وابن عساكر في تاريخه، وابن النجار في تاريخه، وابن عدي في الكامل، وابن مردويه في تفسيره

اکابر، سلف کے اقوال کو پس پشت ڈال دیتے ہیں ان کے اقوال اور امت اسلامیہ کے عقیدہ کے خلاف محض اپنی تحقیق کے غلط ہونے پر بھی اصرار ہے، ان کا کہنا ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی تشریف آوری حیثیت نبی کے ہوگی اور ان پر وحی بھی نازل ہوگی، تو کیا ان کے دعویٰ سے علماء کرام اور ائمہ المسلمین کے عقیدہ ختم نبوت کو ٹھیس نہیں لگتی ہے؟ الجواب کامل۔ حاصل مدلول یہ ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا امتی ماننا ایمان و عقیدہ کا جزو ہے۔

۲- دوسرے صاحب یہ کہتے ہیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام جب آسمان سے نزول فرمائیں گے تو بے شک شریعت محمدیہ کا تاج آپ کے سر پر ہوگا، حضرت عیسیٰ علیہ السلام پہلے شریعت موسویہ کا اتباع بھی کر چکے ہیں۔ شریعت محمدیہ کا اتباع ہمیشہ ہمیشہ کے لئے ضروری ہے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی خصوصیت نہیں، دوسرے غیر حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے پہلے گزر چکے ہیں ان میں سے بھی جو زندہ ہیں آپ شریعت محمدیہ پر عمل کرنا ان کے لئے ضروری ہوگا، اتباع اور چیز ہے، امتی ہونا اور چیز ہے۔

حضرت یوسف علیہ السلام رسول تھے، اس کے باوجود حضرت ابراہیمی پر تھے، حضرت داؤد حضرت سلیمان علیہما السلام بھی رسول تھے اور شریعت توراۃ پر عامل تھے (کما ہو الثابت فی ۳۳-۳۴ ۔ فافہم) لیکن (حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا امتی ہونا ضروری نہیں، نہ یہ ایمان و عقیدہ کا جزو ہے، اور ہمارے اس دعوے پر یہ بحث ہیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر کوئی وحی کے بعد نبی قرار پانا ضروری نہیں، امتی نبی کہو یا غیر نبی کہو دونوں کی اصطلاح ہے۔

اسلامی عقیدہ تو یہ ہے کہ کوئی نبی نبوت سے معزول نہیں کیا جاتا، نبوت کا مرتبہ کسی نبی کو ملتا ہوتا ہے، اس میں آنا جانا کمی بیشی ہوتی، ان کی نبوت کا کسی وجہ میں انکار کفر ہے، حضرت عیسیٰ پر وحی آنے کا انکار بھی اسی قسم سے ہے، وہ وحی شریعت محمدیہ کے موافق ہوگی اور اس کی نبوت ہوگی، بعد نزول بھی حضرت عیسیٰ معصوم رہیں گے، البتہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نائب بن کر شریعت محمدیہ کی اشاعت فرمائیں گے۔ (امداد الفتاویٰ مسائل شتی) (۱)۔ از حکیم الامت تھانوی قدس سرہ۔

---

(۱) امداد الفتاویٰ میں یہ جواب مسائل شتی کے ذیل میں ہے، جو ان مطبوعہ کتابوں میں نہیں ہے۔ (امداد الفتاویٰ، مسائل شتی، ذیل میں پڑھا جواب ۱۲۰، ۱۲۱، ۱۲۲، مکتبہ راحلہ، راولپنڈی)

جامعہ دارالعلوم دیوبند کے مفتی اعظم سال نے تحریر فرمایا: حضرت عیسیٰ ایک مستقل شرعی نبی ہیں اور ان کو آسمان پر زندہ اٹھالینا بھی تواتر سے ثابت ہے اور یہ بات بھی مسلم ہے کہ وہ قرب قیامت میں دوبارہ دنیا میں تشریف لائیں گے، دوسری بات کہ جن امور کے لئے آپ کو اٹھایا گیا تھا ان کی اصلاح وہدایت کے لئے اس کی طرف کوئی نبی بھیجا گیا ہو اور یہ بات بالکل ظاہر ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو حضرت عیسیٰ کی ہدایت کے لئے نہیں بھیجا گیا ہے، تو معلوم ہوا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نبی ہیں اتنی نہیں، البتہ انہوں نے ایک دعا کی تھی اور وہ پوری ہوئی، لہٰذا قرب قیامت میں دوبارہ تشریف لاکر آپ حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نائب بن کر شریعت محمدیہ کی اشاعت کریں گے مگر وہ اپنی جگہ نبی ہی رہیں گے، اتنی تنہ ہوں گے۔

نیز ملا علی قاری نے باب نزول عیسیٰ میں بخاری ومسلم کے حوالہ سے حدیث نقل فرمائی:

"قال النبي صلى الله تعالى عليه وسلم: كيف أنتم إذا".

اس کے ذیل میں فرماتے ہیں:

"والحاصل: أن إمامكم واحد منكم دون عيسى عليه السلام، فإنه بمنزلة الخليفة، وقيل فيه دليل أن عيسى عليه السلام لا يكون من أمة محمد عليه الصلاة والسلام بل مقرر الملة ومعيناً لأمته عليهما السلام" (۱)۔

نیز عقائد اہل سنت والجماعت کی مسلمہ کتابوں میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا امتی ماخاجز (ایمان وعقیدہ قرار نہیں دیا، نہ کسی حدیث میں اس کا ذکر ہے، البتہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا ذکر "خليفتي من أهلي من بعدي أو حكما عادلاً" (۲) وغیرہ کے الفاظ احادیث میں ہیں۔ كذا في التحرير الكثير (۳)، ص ۷۷، شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ تعالیٰ۔

---

(۱) (مرقاة المفاتيح، كتاب الفتن، باب نزول عيسى عليه السلام، الفصل الأول، رقم الحديث: ۵۵۰۶: ۱۰/ ۱۲۳، رشيديه)

(۲) (مشكاة المصابيح، كتاب الفتن، باب نزول عيسى عليه السلام، الفصل الأول، رقم الحديث: ۵۵۰۵، ۵۵۰۶، ۲/ ۵۰۳، دار الكتب العلمية بيروت)

(۳) (التحرير الكثير لشاه ولي الله المحدث الدهلوي، أنبياء عليهم السلام وبيان مبادئ نعيماتهم بتفصيل عجيب نادر، ص: ۹۸، ۹۹، رحيميه پشاور)

مندرجہ بالا تحریر کی روشنی میں حسب ذیل سوالوں کا جواب مطلوب ہے۔

۱۔ مندرجہ بالا دونوں فریق میں کون سا قول أقرب إلی الصواب وأوفق ہے؟

۲۔ کیا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا امتی ماننا جزو ایمان ہے اور جو یہ کہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام شریعت محمدیہ کا اتباع کریں گے مگر امتی نہ ہوں گے تو وہ اسلام سے خارج ہو جاتا ہے؟

۳۔ امتی کی صحیح تعریف کیا ہے؟

۴۔ کیا حضرت عیسیٰ علیہ السلام نزول کے بعد نبی نہ رہیں گے اور نبی ہونے کی حیثیت ان کی ذات سے ختم ہو جائے گی۔

۵۔ نزول کے بعد حضرت عیسیٰ علیہ السلام شکل دیگر انبیاء (علیہم السلام) کے معصوم رہیں گے یا نہیں؟

۶۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر وحی آئے گی یا نہیں؟ اور وہ وحی نبوت ہوگی یا نہیں؟ البتہ یہ امر مسلم ہے کہ وہ وحی مطابق شریعت محمدیہ کے ہوگی۔

۷۔ حضرت عیسیٰ کو حسب سابق کی حیثیت سے ماننے سے اور ان پر وحی آنے کے قائل ہونے سے ختم نبوت کے مسلمہ مسئلہ پر اثر پڑنے کا استدلال صحیح ہے یا غلط؟

۸۔ عوام الناس اور بعض اہل علم کا خیال ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام چونکہ امتی کی حیثیت سے نزول فرمائیں گے تو وہ تو نبی کی حیثیت میں رہیں گے اور نہ ان پر وحی آسکے گی، یہ خیال صحیح ہے یا غلط؟ بینوا توجروا

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱۔ حضرت عیسیٰ ابن مریم علی نبینا وعلیہ الصلاۃ والسلام اللہ کے جلیل القدر رسول ہیں، جو بغیر باپ کے پیدا ہوئے (۱) فرائض رسالت پوری تندہی کے ساتھ ادا کئے، یہود نے ان کو بہت اذیت پہنچائی اور ان کے

---

(۱) "﴿ونجعله آية للناس﴾ أي: دلالة وعلامة للناس على قدرة بارئهم وخالقهم الذي نوّع في خلقهم، فخلق آباءهم آدم من غير ذكر ولا أنثى، وخلق حواء من ذكر بلا أنثى، وخلق بقية البرية من ذكر وأنثى إلا عيسى، فإنه أو جد من أنثى بلا ذكر" (تفسير ابن كثير، عربي، ۱: ۳/۱۵۶، دار السلام)

"قوله تعالى: «إن مثل عيسى عند الله كمثل آدم خلقه من تراب» دليل على صحة القياس، والفقيه واقع على أن عيسى خلق من غير أب كآدم، لا على أنه خلق من تراب". (الجامع لأحكام القرآن للقرطبي، آل عمران ۵۹، ۴/۱۰۱، دار إحياء التراث العربي بيروت)

متعلق تحت اور وہ یا ہم اللہ تعالیٰ نے تقلی وصلب سے بچا کر ان کو زندہ آسمان پر اٹھا لیا(۱)۔ کہیں نے ایک عالی تحقی کہ ان کو امت محمدیہ میں شامل کر دیا جائے، اور ماقبول ہوئی(۲)، اخیر زمانے میں دجال کے خلیفہ نے لئے وہ آسمان سے اتریں گے اور حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا خلیفہ ہونے کی حیثیت سے ان کی شریعت پر عمل اور تجدید کریں گے، تاکہ پچھلی شریعت پر اس وقت ان کو حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا امتی بنا رہے(۳)، اور تحقیقی علمی کے لحاظ سے امتی کہلانا درست نہیں، ان کی نبوت محفوظ رہے گی، وہ سب

- "ولیلقہ فعیل لعیسی، لہ کلمۃ اللہ وروح منہ لأنہ لم یکن لہ أب فہو لہ منسوب، وأضیفا ھو شیء علی الکلمۃ التي قال لہ فیکون، فکان" (تفسیر ابن کثیر، النساء: ۱۷۱، ۵۹۵، دار السلام)

- "قال اللہ تعالیٰ: وما قتلوہ ویقینا بل رفعہ اللہ إلیہ وکان اللہ عزیزا حکیما" (النساء: ۱۵۸)

"والصحیح: أن اللہ تعالیٰ رفعہ إلی السماء من غیر وفاۃ ولا نوم، کما قال الحسن بن زید، وھو اختیار البصري، وھو الصحیح عن ابن عباس رضي اللہ تعالیٰ عنہ" (تفسیر قرطبي، آل عمران: ۵۵، ۴/۱۰۷، دار إحیاء التراث العربي بیروت)

وکذا في روح المعاني (۳/۹۶، دار إحیاء التراث العربي بیروت)

(۲) "قیل: ینزل عیسی علیہ السلام من السماء علی عھد الدجال ویقتل الدجال ویروح بعد قتلہ سبعۃ أیام إلی بیت المقدس، وقد علم أنہ لیس بعد ما یعیش أربعین سنۃ من نزولہ، فیصلي علیہ المسلمون؛ لأنہ سبحانہ وتعالیٰ یجمعھم في مدۃ لا یدفن فیھا میت إلا دفن" (تفسیر روح البیان، آل عمران: ۵۵، ۲/۵۰، مکتبہ القدوسیہ کوئٹہ)

وکذا في تفسیر بحر العلوم المسمی فتوحي (۱/۲۰۲، آل عمران: ۵۵، دار الکتب العلمیہ بیروت)

(۳) "عن سعید بن المسیب سمع أبا ھریرۃ رضي اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: "والذي نفسي بیدہ لیوشکن لینزلن فیکم ابن مریم حکما" الحدیث، قولہ: (حکما) أي حاکما، والمعنی أنہ ینزل حاکما بھذہ الشریعۃ، فإن ھذہ الشریعۃ ماضیۃ لا تنسخ، بل یکون حاکما من حکام ھذہ الأمۃ الخ" (فتح الباري، کتاب أحادیث الأنبیاء، باب نزول عیسی بن مریم علیہ السلام، ۶/۴۹۰، ۴۹۱، دار السعادۃ)

"فإن قیل: قد ورد في الحدیث نزول عیسی بعدہ، قلنا معنی ذلک ینابع محمدا علیہ السلام، لأن شریعتہ قد نسخت، فلا یکون إلیہ وحي، وإنما یحکم بأحکام، بل یکون خلیفۃ رسول اللہ علیہ السلام" -

www.ahlehaq.org

نہیں ہوئی، (۱) اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کو خلیل اللہ اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا آسمان پر جانا اس کی دلیل نہیں ہو سکتی، کیونکہ یہ چیزیں نہیں ہیں جن کی پیدائش خاتم النبیین کے بعد ہو اور آسمان سے نازل ہونا تو ایسی بات ہے جس کا ہونا احادیث سے ثابت ہے (۲) اور یہ بات "التصریح بما تواتر فی نزول المسیح" میں ہے (۳)۔

حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

"و قد سبق عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہ لا یبقی علی رأس مائۃ سنۃ من یومہ ذلک ممن کان علی وجہ الأرض یومئذ حی، و کان ذلک من جملۃ ما أخبر بہ من الغیب و ہو قولہ: ما من نفس منفوسۃ الیوم یأتی علیہا مائۃ سنۃ و ہی یومئذ حیۃ علی وجہ الأرض، فکل ما کان علی وجہ الأرض یومئذ من الناس فقد مات و انقرض، و لم یبق منہم أحد، و ہذا لا ینافی ما ثبت فی الصحیحین و غیرہما من نزول عیسیٰ علیہ السلام فی آخر الزمان، فإن عیسیٰ علیہ السلام و إن کان حیا فہو من جملۃ الأنبیاء و لیس من ہذہ الأمۃ، و لا ینقض ما ذکرنا من

= (شرح عقائد النسفی للتفتازانی، ص ۱۰۱، طبع قدیمی محل)

"إن عیسیٰ علیہ السلام رفع إلی السماء و ہو حی، و إنہ سینزل إلی الأرض و یقتل الدجال، و یحکم بشریعۃ نبینا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، و یصلی خلف رجل من أمۃ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، و یرٰی فی زمنہ، و بعد نزولہ إلی الأرض یحج و یعتمر و یتزوج و یولد لہ، و یمکث بعد ذلک مدۃ طویلۃ ثم یموت، و یدفن فی المدینۃ فی القبر الشریف النبوی، و ینزل معہ فی قبرہ الشریف النبوی، و یحشر من بین النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و صاحبیہ أبی بکر و عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما، و ینزل بالقرآن و السنۃ" (الحاوی للفتاوی، کتاب الأعلام بحکم عیسیٰ علیہ السلام، ۲: ۹۵، دار الفکر)

(۱) "ثم إنہ رفع إلی السماء و ہو باق حی، و إنہ سینزل قبل یوم القیامۃ کما دلت علیہ الأحادیث المتواترۃ التی سیوردہا من شاء فی موضعہا" (تفسیر ابن کثیر، النساء: ۱۵۹، ۱: ۶۸۱، دار السلام)

"و قد تواترت الأحادیث عن رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم أنہ أخبر بنزول عیسیٰ علیہ السلام قبل یوم القیامۃ إماما عادلا و حکما مقسطا" (تفسیر ابن کثیر، الزخرف: ۶۱، ۴: ۱۹۰۲، دار السلام)

(۲) التصریح بما تواتر فی نزول المسیح، ص ۱۹، مکتبہ دار العلوم کراچی۔

(۱) ... وهذه الأحاديث وغيرها تبشر بأن محمدي لن يموت، وأنه حي بين يدي القيامة، وستأتي تتمة الكلام في الخبر الكثير، ص: ۲۲۹ (۱).

۲ حضرت عیسیٰ علیٰ نبینا علیہ الصلوٰۃ والسلام سے متعلق یہ عقیدہ رکھنا کہ وہ امتی نبی ہوں گے اور جو شخص ان کے امتی ہونے کا اعتقاد نہ رکھے وہ اسلام سے خارج ہے یہ کوئی بنیادی عقیدہ نہیں، جس پر مدار نجات ہو، اس لئے ایمان کی نیتوں میں اس کا ذکر نہیں کیا گیا، البتہ چونکہ حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خاتم النبیین ہیں اور یہ چیز نص قطعی سے ثابت ہے، اس لئے یہ عقیدہ رکھنا لازم ہے کہ آپ کے بعد کوئی نبی پیدا نہیں ہوگا (۲)۔ جو شخص بھی نبوت کا دعویٰ کرے گا وہ نص قطعی کے مخالف عقیدہ کی وجہ سے اسلام سے خارج قرار دیا جائے گا (۳)۔

۳ ... امتی وہ ہے جو نبی نہ ہو اور اس کی ہدایت کے لئے نبی کو مبعوث کیا جائے۔

---

(۱) الخير الكثير للشاه ولي الله المحدث الدهلوي، آب، عليهم السلام وبيان مدافن تعيناتهم بتفصيل عجيب بادر، ص: ۸۹، ۱۹، مكتبه رحيميه ديوبند)

(۲) قال الله تعالى: ﴿ما كان محمد أبا أحد من رجالكم ولكن رسول الله وخاتم النبيين﴾ (الأحزاب: ۴۰)

"عن ثوبان رضي الله تعالى عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم: لا تقوم الساعة حتى تلحق قبائل من أمتي بالمشركين وحتى يعبدوا الأوثان، وإنه سيكون في أمتي ثلاثون كذابون كلهم يزعم أنه نبي، وأنا خاتم النبيين لا نبي بعدي". (جامع الترمذي، كتاب الفتن، باب ما جاء لا تقوم الساعة حتى تخرج كذابون، رقم الحديث: ۲۲۱۹، ۳/۴۳، دار الكتب العلمية بيروت)

"وكونه صلى الله تعالى عليه وسلم خاتم النبيين مما نطقت به الكتاب، وصدعت به السنة، وأجمعت عليه الأمة". (روح المعاني، الأحزاب: ۴۰، ۲۲/۵۷، دار الفكر)

(۳) "ودعوى النبوة بعده صلى الله تعالى عليه وسلم كفر بالإجماع". (شرح الفقه الأكبر لملا علي القاري، ص: ۱۰۳، قديمي)

"وكل دعوة نبوة بعده ظهور نبوته الخاتمة (أي: ضلال وفرط جهل، جمعه على دعواها وهوى) نفس أمارة مرداها". (شرح العقيدة الطحاوية للميداني، ص: ۴۷، رحيميه پشاور)

"وقد أخبر الله تبارك وتعالى في كتابه وعلى لسان رسوله صلى الله تعالى عليه وسلم في السنة المتواترة عنه، أنه لا نبي بعده، ليعلموا أن كل من ادعى هذا المقام بعده فهو كذاب وأفاك، دجال، ضال مضل". (تفسير ابن كثير، الأحزاب: ۴۰، ۳/۵۲۴، دار السلام)

www.ahlehaq.org

۴ ان کی نبوت سلب نہیں ہوگی، بلکہ محفوظ رہے گی، البتہ وہ تعلیم وعمل شریعت محمدیہ کے مطابق کریں گے(۱)۔

۵ جب ان کی نبوت محفوظ ہے تو لوازم نبوت بھی ان کو حاصل رہیں گے اور وہ معصوم رہیں گے۔

۶ ان کے لئے جدید وحی کی ضرورت نہ ہوگی۔

۷ ختم نبوت بدستور بطور پر ثابت ہے اور ان کے اوپر کوئی جدید وحی نہیں آئے گی اور نہ وہ اپنی شریعت پر حکم کریں گے، اس لئے سلسلۂ ختم نبوت اپنی جگہ پر مستحکم ہے(۲)۔

۸ اور جدید وحی بھی نہیں آئے گی اور اپنی شریعت کو نافذ بھی نہیں کریں گے، بلکہ حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر جو احکام نازل ہوئے، انہیں کو جاری ونافذ کریں گے اور ان احکام کو بھی اس دنیا میں کسی غالب علاقہ حیثیت سے حاصل نہیں کریں گے، بلکہ حق تعالیٰ کی طرف سے ان ہی احکام کی طرف ان کو رہنمائی حاصل ہوگی(۳)۔ شیخ محی الدین بن العربی نے بھی فتوحات مکیہ(۴) میں اس کو بیان فرمایا ہے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

الملاء العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۸/ ۵/ ۱۴۰۲ھ۔

کیا حضرت عیسیٰ علیہ السلام امت محمدیہ میں شامل ہوں گے؟

سوال[۷۰۱۰]: تبلیغی جماعت کے اجتماعات میں اکابر سے بیانات سننے کا اتفاق ہوا، امت محمدیہ کی فضیلت میں انہوں نے بیان کیا کہ انبیاء سابقین میں سے بعض نے امت محمدیہ میں شامل ہونے کی تمنا

---

(۱) راجع رقم الحاشیۃ: ۳، ص: ۹۰

(۲) راجع رقم الحاشیۃ: ۳، ص: ۹۰

(۳) راجع رقم الحاشیۃ: ۳، ص: ۹۰

(۴) "إنما ذكرنا هذا ليكون شخصه يعلم أنه لا بد أن ينزل في هذه الأمة في آخر الزمان ويحكم بسنة محمد صلى الله تعالى عليه وسلم مثل سائر حكم المجتهدين المهديين الراشدين" : الفتوحات المكية، الباب الثالث والسبعون بإصلاح وشرح المسائل الروحانية، عيسى بن مريم من أمة محمد وهو أفضل من أبي بكر: ۸ - ۱۴، ۱۳۸، المكتبة العربية، مصر)

کی تھی۔ چنانچہ آخر زمانہ میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے امتی ہو کر تشریف لائیں گے۔

حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب قدس سرہ نے بھی اپنی تصنیف "تبلیغ الدین" ص ۲۹، (مطبوعہ ۱۳۹۶ھ) میں اسی طرح تحریر فرمایا ہے:

"مدعیان اسلام بتلائیں کہ وہ ایسا قدر کرتے ہیں، سید الانبیاء صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی جن کے امتی ہو کر قبل قیامت سیدنا حضرت عیسیٰ علیہ السلام تشریف لائیں گے"۔

اور اسی طرح پورے بہت سے تحقیقی بیانات میں کہا جاتا ہے لہٰذا یہ کہنا کہ قبل قیامت حضرت عیسیٰ علیہ السلام سید الانبیاء صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے امتی ہو کر تشریف لائیں گے درست نہیں ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو اللہ تبارک وتعالیٰ نے یہودیوں کے ایذاء پہونچانے کے لئے زندہ آسمان پر اٹھالیا (۱) اور پھر صدیوں بعد حضرت سید الانبیاء محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دنیا میں تشریف لائے اور اپنی دعوت قوم کے سامنے پیش کی، جب کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام یہاں موجود نہیں تھے، آسمان پر تھے، تو حضرت عیسیٰ کی ہدایت کے لئے حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف نہیں لے گئے، نہ ان کو آپ نے بلایا، بلکہ ان کو حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا امتی نہیں بنایا جاتا، البتہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے یہ دعا کی گئی تھی کہ امت محمدیہ میں شامل ہونے کی (۲) ان کی دعا کو اس طرح قبول کیا گیا کہ وہ اخیر زمانہ میں جب آسمان کی طرف اٹھائے جانے کا زمانہ نہیں ہوگا،

---

(۱) قال اللہ تعالیٰ: ﴿وقولهم إنا قتلنا المسيح عيسى ابن مريم رسول الله وما قتلوه وما صلبوه ولكن شبه لهم وإن الذين اختلفوا فيه لفي شك منه مالهم به من علم إلا اتباع الظن وما قتلوه يقينا بل رفعه الله إليه وكان الله عزيزا حكيما﴾ (النساء: ۱۵۷)

"والصحيح أن الله تعالى رفعه إلى السماء من غير وفاة ولا نوم كما قال الحسن وابن زيد وهو اختيار الطبري. وهو الصحيح عن ابن عباس" (الجامع لأحكام القرآن للقرطبي، آل عمران، ۵۵، ۴/۱۰۵، دار إحياء التراث العربي بيروت)

وكذا في تفسير روح المعاني (۹/۳، ۱، دار إحياء التراث العربي بيروت)

(۲) قبل سينزل عيسى عليه السلام من السماء على عهد المهدي ويقتل الدجال ويتزوج بعد قتله

بلا حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نبوت اور تشریع کا زمانہ ہوگا آسمان سے نازل ہوں گے (۱) اور حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خلیفہ کی حیثیت سے آپ کی شریعت کے مطابق حکم فرمائیں گے اور عمل کریں گے (اس اعتبار سے گویا وہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی امت میں شامل ہوں گے اگر ان کی نبوت سلب نہیں ہوئی۔ وہ محفوظ ہوئی اور نہ تم شریع محمدی پر کریں گے (۲) (حضرت اقدس مولانا محمد زکریا صاحب شیخ

– امرأة من العرب وتلد منه، ثم يموت هو بعد ما يعيش أربعين سنة ثم ينزل فيصلي عليه المسلمون؛ لأنه سأل ربه أن يجعله من هذه الأمة فاستجاب الله دعاءه" (تفسير روح المعاني، آل عمران: ۵۵، ۳: ۵، لمكتبة القدوسية كوئٹه)

ويقال: إنه يتزوج امرأة من العرب بعد ما يرفع إلى السماء، ويلد له ابنة فتموت البنت، ثم يموت هو بعد ما يعيش سنين؛ لأنه قد سأل ربه أن يجعله من هذه الأمة فاستجاب الله دعاءه" (تفسير بحر العلوم للسمرقندي، آل عمران: ۵۵، ۱: ۳۶۰، دار الكتب العلمية بيروت)

(۱) "عن أبي هريرة رضي الله تعالى عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم: كيف أنتم إذا نزل ابن مريم فيكم وإمامكم منكم". (صحيح البخاري، كتاب الأنبياء، باب نزول عيسى بن مريم عليه السلام، ۱: ۴۹۰، قديمي)

"عن أبي هريرة رضي الله تعالى عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم: والذي نفسي بيده لينزلن ابن مريم حكما عادلا، وليكسرن الصليب ..." (مشكاة المصابيح، كتاب الفتن، باب نزول عيسى عليه الصلوة والسلام، الفصل الأول: ۴۷۴، ۲، قديمي)

(۲) "فإن قيل: قد ورد في الحديث نزول عيسى عليه السلام، قلنا: نعم ولكنه ينزل محمدا عليه السلام؛ لأن شريعته قد نسخت، فلا يكون إليه وحي ونسخ الأحكام بل يكون خليفة رسول الله عليه السلام". (شرح عقائد النسفية للتفتازاني، ص: ۱۰۱، طبع قديمي محل)

"إن عيسى عليه الصلاة والسلام مع بقائه على نبوته معدود في أمة النبي صلى الله تعالى عليه وسلم، وداخل في زمرة الصحابة رضي الله تعالى عنهم، فإنه اجتمع بالنبي صلى الله تعالى عليه وسلم وهو حي مؤمن به ومصدقا ... إنما يحكم عيسى بشريعة نبينا صلى الله تعالى عليه وسلم بالقرآن والسنة". عن أبي هريرة رضي الله تعالى عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم: "ما بين عيسى وبيني نبي ولا رسول، إلا أنه خليفتي في أمتي من بعدي". (الحاوي للفتاوى، كتاب الأعلام بحكم عيسى

حدیث مذکور کا مقصد یہ نہیں کہ ان کی نبوت سب سے پہلے ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

احادیث صحیحہ و اختلاف راوی، ج ۲، ص ۲۰۰ تا ۲۰۱۔

نبوت اور حیات خضر علیہ السلام

سوال [۹۹۰۹]: حضرت خضر علیہ السلام نبی تھے؟ یا حضرت موسیٰ علیہ السلام نے حضرت خضر تک حیات ہیں؟ قرآن و حدیث سے اگر کوئی ثبوت ہو تو تحقیق کریں۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

واضح ہو کہ حضرت خضر ولی تھے(۱)، ان کا واقعہ موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ قرآن کریم میں مذکور

علیہ السلام ۲: ۱۹۱، ۱۹۵، دار الفکر)

"عن سعید بن المسیب تبع الأحبار یوفر رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: والذي نفسي بیدہ لیوشکن أن ینزل فیکم ابن مریم حکماً" الحدیث. قولہ: (حکماً) أي حاکماً، والمعنی أنہ ینزل حاکماً بعدہ الشریعۃ، قال بعد الشریعۃ علیہ لا نسخ، بل یکون حاکماً من حکام ہذہ الأمۃ الخ" (فتح الباري، کتاب أحادیث الأنبیاء، باب نزول عیسیٰ بن مریم علیہما السلام ۶: ۴۹۰، ۴۹۶، دار المعرفۃ)

(۱) وذہب کثیرون إلی أنہ لم یکن نبیاً بل کان ولیاً واللہ تعالیٰ أعلم (تفسیر ابن کثیر، الکہف ۱۳ ۳: ۱۳۵، دار الفیحاء)

یا یہ کہ حضرت خضر نے اپنے آخر تک نبوت کا دعویٰ نہیں کیا، جیسا کہ بعض نے کہا ہے، اور اگر انہوں نے آخر تک نبوت کا دعویٰ کیا ہے تو وہ ان کی اس خاص شریعت کے لئے ہے جس کے وہ مامور تھے۔

"قال الجمہور: ہو نبي، واللہ علیہ السلام نبي ونصر رسول، وقیل: ہو رسول، وقیل: ہو ولي، وعنہ البصري وخلق: والمشہور عند الجمہور: وہو أحد من الآیات والأخبار کثیرۃ وبمجموعہ یکاد یحصل الیقین" (روح المعاني، الکہف ۱۵: ۲۲۰، دار إحیاء التراث العربي بیروت)

"والخضر نبي عند الجمہور، وقیل: ہو عند نائم غیر نبي، والأول صحیح، والآیۃ تشہد لہ، لأن ما فعلہ لا یفعل إلا بوحي، والأول صحیح، واللہ أعلم" (الجامع لأحکام القرآن للقرطبي، الکہف ۱۵: ۲۲۰، دار إحیاء التراث العربي بیروت)

وحکی عن عطیۃ العوفي عن أکثر أہل العلم أنہ نبي، وقالت طائفۃ منہم القشیري: ہو -

ہے (۱) اور شہید زندہ ہے حیات دنیا سے قائل نہیں ہوا یہ قائل ہیں (۲) واللہ تعالیٰ اعلم۔

(۱) وہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک زندہ ہیں (۲) وہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک زندہ ہیں۔

حضرت عائشہ و فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے درمیان تفاضل کا حکم

سوال [۴۹۰۶]:

جب فاطمہ عائشہ سے افضل ہیں تو ان کی

یہ جنگ کی لڑائی تو دونوں کی ہار

ولی۔ (فتح الباری، کتاب احادیث الانبیاء، باب حدیث الخضر مع موسیٰ علیہ السلام، رقم الحدیث ۳۴۰۲، ۶: ۵۳۹، قدیمی)

"فالخضر ولی اتفاقی۔ وفی الصحیح: "إن الخضر في قشعة تعمل علی سریر" وروی محمد عن ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ أنہ کان نبیا۔ (عمدۃ القاری، کتاب احادیث الأنبیاء، باب حدیث الخضر مع موسیٰ علیہ السلام، رقم الحدیث ۳۴۰۲، ۱۶: ۲۰۲، دار الکتب العلمیۃ بیروت)

"قال الخضري المفسر وابو عمرو الدمیاطي وجماعۃ من المحدثین: الخضر نبي مرسل۔ وقال القشیري وکثیر من العلماء: ولي وأصح من قال بنبوتہ ما حفظتہ عن أمر ربہ" (الکبیر ۹۲: قال علي أنہ أرسل إلیہ ... وقرأ علیہ الصحیح کتاب الجواب النباتیۃ وبدء الخلق، باب بدء الخلق وذکر الأنبیاء علیہم السلام، الفصل الأول، رقم الحدیث ۱۰۵، ۱۰: ۲۱۳، رحیمیہ)

وکذا في فتاوی حقانیہ (۱: ۲۹۰، جامعہ دار العلوم حقانیہ)

وکذا في خیر الفتاوی (۱: ۳۲۵، ۳۲۶)

وکذا في آپ کے مسائل اور ان کا حل (۱: ۱۹۱)

(۱) (الکہف ۹۰: ۹۲)

(۲) وقال ابن الصلاح هو حي عند جمہور العلماء، والعامۃ معهم في ذلک، وقد حکاہ بعضهم إجماع الصحابۃ رضي اللہ عنهم، وروی أن ذلک مما تفرد علمہ بہ الشرائع، وانقطع الوحي بموتہ، والاستصحاب یدل أکثر من أن یحصی کذا في (فتح الباري، کتاب احادیث الأنبیاء، باب حدیث الخضر مع موسیٰ علیہما السلام، ۶: ۵۳۹، قدیمی)

وکذا في شرح صحیح مسلم للنووي، کتاب الفضائل، باب من فضائل الخضر علیہ السلام، ۲: ۲۶۹، قدیمی)=

الجواب حامداً ومصلیاً:

حضرت عائشہ وحضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے درمیان تفاضل کی کیا ضرورت پیش آئی؟ اس سے سکوت چاہیے۔ (۱) واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۸/۹/۹۵ھ۔

کیا امام مہدی پہلے سے موجود ہیں؟

سوال [۶۹۲۰]: بہشتی زیور میں لکھا ہے کہ حضرت مہدی علیہ السلام قیامت کے قریب ظاہر ہوں گے تو یہ ان کا وجود پہلے سے ہے؟ ظاہر ہونے سے شبہ ہوتا ہے۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

نہیں۔ پہلے سے نہیں۔ کتاب المہدی۔ کے عنوان پر امام ابوداؤد۔ رحمہ اللہ تعالیٰ۔ نے اپنی سنن میں

۱- وكذا في روح المعاني، الكهف، ۶۵/۱۵، ۳۲۲/۳۰، دار إحياء التراث العربي بيروت.

(۱) أولى: إن فاطمة رضي الله تعالى عنها أفضل، ويمكن إرجاعه إلى الأول وقيل بالتوقف لتعارض الأدلة، واختاره الأسير وشيء من الحنفية وبعض الشافعية". (الدر المختار، كتاب النكاح، باب الكفاءة، ۳/۵۳، سعيد)

"قال السبكي الكبير: كنت أقدم عائشة من التفاضل حالا بحضرة، ولكن الذي نختاره ونعتقد أنه فاطمة رضي الله تعالى عنها أفضل، ثم خديجة رضي الله تعالى عنها، ثم عائشة رضي الله تعالى عنهن، واستدل لتفضيل فاطمة رضي الله تعالى عنها بما تقدم لي ترجمتها أنها سيدة نساء المؤمنين، قلت وقال بعض من أدركناه: الذي يظهر أن التفضيل بين الخديجتين أولى، وأن لا تفضيل حتى هما على الأخرى". (فتح الباري، كتاب مناقب الأنصار، باب تزويج النبي صلى الله تعالى عليه وسلم خديجة رضي الله تعالى عنها، ۷/۱۳۲، قديمي)

"وقال السيوطي في المنقية بعد أن فضل الست مريم وفاطمة، وأفضل أمهات المؤمنين خديجة وعائشة، وفي التفضيل بينهما أقوال ثالثها التوقف، أولى التوقف في حق الكل أولى، لا دليل في الأفضلية دليل قطعي، والطبيات متعارضة غير معتمدة للعقائد المبنية على اليقينيات (ق)". (التعليق الصبيح، كتاب الفتن، باب مناقب أزواج النبي صلى الله تعالى عليه وسلم، الفصل الأول، ۳/۳۲۹، رشيدية)

www.ahlehaq.org

[illegible] کی خدمت کو [illegible] فرمائی ہیں اُن میں ان کی علامات درج ہیں [illegible] کے اول [illegible] کے [illegible] (۱) واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۶/ ۱۳۹۹ھ۔

حضرت میکائیل علیہ السلام کے مکان کی مسافت

سوال [illegible] حضرت میکائیل علیہ السلام کے مکان کی مسافت کتنی ہے؟

محمد عامر عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند

---

(۱) عن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ عن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قال: "لولم یبق من الدھر إلا یوم لبعث اللہ رجلا من أھل بیتی یملأھا عدلا کما ملئت جورا"

"عن أم سلمۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہا قالت: سمعت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یقول: "المھدي من عترتي من ولد فاطمۃ"

"عن أبي سعید الخدري رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: "المھدي مني، أجلی الجبھۃ، أقنی الأنف، یملأ الأرض قسطا وعدلا کما ملئت ظلما وجورا، ویملک سبع سنین"

"عن أم سلمۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہا قالت: سمعت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یقول: "یعوذ عائذ بالبیت فیبعث إلیہ بعث، فإذا کانوا ببیداء من الأرض خسف بھم" فقلت: یا رسول اللہ! فمن کرہ منھم؟ قال: "یخسف بہ معھم، ولکنہ یبعث یوم القیامۃ علی نیتہ"

"عن أبي ھریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: "یؤم ھذہ الأمۃ رجل من قریش أحد أفخاذ العرب، ذلک الزمان لا یجدون إلا الحفیر یجیئون علیہ زحفا زحفا، وھو یومئذ خیر أھل الأرض، أو من خیر أھل الأرض، فیأتیھم فیقول: ھلموا إلی الرحمن، وإلی ما عند اللہ، فمن جاءہ فلا یعطی الدنیا ولا الآخرۃ، فیبعث إلیھم بعثا فیقتلون علیہ، ولا یفلت إلا الشرید الذي یخبر عنھم،

الجواب حامداً ومصلیاً:

فقط ہے یہ کلمات مقصود بہ تحدیث نعمت ہیں (۱) واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۱۷/۱/۹۵ھ۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆

www.ahlehaq.org

(۱) فقط سے مراد کہ اس حدیث کے بارے میں یہ روایت ہے کہ جب حضرت جبرئیل علیہ السلام نے یہ بات کہی تو ایک روایت میں ہے کہ آپ نے ان سے پوچھا کہ آپ کی عمر کتنی ہے تو انہوں نے جواب دیا کہ مجھے نہیں معلوم البتہ اتنا معلوم ہے کہ

"وأخرج أبو الشيخ عن ابن عباس رضي الله تعالى عنهما عن النبي صلى الله تعالى عليه وسلم قال "ما بين منكبي جبريل مسيرة خمس مائة عام بالطائر السريع المطرد"

وأخرج أبو الشيخ عن وهب بن منبه أنه سئل عن خلق جبريل؟ فذكر أن ما بين منكبيه من زي إلى زي خفق الطير مسيرة خمس مائة عام" (الدر المنثور، البقرة ۹۷، ۱/۲۰۴، دار الكتب العلمية بيروت)

مایتعلق بعلم الغیب

(علم غیب کا بیان)

ہاتھ دیکھ کر قسمت بتانا

سوال (۶۹۱۲): کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ میں کہ ایک صوفی صاحب ہاتھ دیکھ کر دیتے ہیں لیکن کہتے ہیں کہ علم الغیب اور نجومی بتاتے ہیں، یہ جائز ہے یا نہیں؟ ان سے پیچھے نماز پڑھنا مکروہ ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

یہ کام درست نہیں، اس سے پرہیز اور توبہ کریں۔ (۱) واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۶/۳/۹۲ھ

تعمیر مکان سے پہلے نجومی کو زمین دکھلانا

سوال (۶۹۱۳): ہمارے یہاں کا دستور ہے کہ جب مکان بنوانے چاہتے ہیں تو پہلے نجومی کو زمین

---

(۱) "من أتى كاهنا أو عرافا فصدقه بما يقول: فقد كفر بما أنزل على محمد". أخرجه أصحاب السنن الأربعة، وصححه الحاكم عن أبي هريرة رضي الله تعالى عنه. (زاد المحتار، باب الحظر والإباحة، مطلب في الكاهن والعراف ۶: ۳۶۰، سعيد)

"عن بعض أزواج النبي صلى الله تعالى عليه وسلم، عن النبي صلى الله تعالى عليه وسلم قال: من أتى عرافا فسأله عن شيء، لم تقبل له صلاة أربعين ليلة". (صحيح مسلم، باب تحريم الكهانة وإتيان الكهان ۲: ۲۲۲، قديمي)

"قال النووي: المراد بالعراف من يدعي معرفة الأمور بمقدمات يصل بها إلى معرفة مكان المسروق، ومكان الضالة، ونحوهما". (شرح النووي على صحيح مسلم، باب تحريم الكهانة وإتيان الكهان ۲: ۲۲۲، قديمي)

یا غلط وہ لے کر کھاتے ہیں۔ وہ اس جگہ بیٹھ کر کچھ پڑھتا ہے، پھر زمین کی اچھی بری کی خبر دیتا ہے یا بتلا دیتا ہے کہ بعض حصہ میں نقصان دینے والی اشیاء مدفون ہیں، ان کو نکالنا ہے۔ اب کہہ بتایا جاتا ہے بعض حضرات اپنی تجربہ بتاتے ہیں کہ اگر ایسا نہ کیا جائے تو کھانے والوں کو نقصان ہوتا ہے تو حکم شرع سے متعلق ذہن میں آیا جائے۔"

الجواب حامداً ومصلیاً:

یہ طریقہ تعلیمات اسلام کے خلاف ہے (۱) اس سے توبہ کریں اور آئندہ ہرگز نہ کریں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆

---

(۱) "عن بعض أزواج النبي صلى الله تعالى عليه وسلم، عن النبي صلى الله تعالى عليه وسلم قال: "من أتى عرافاً فسألته عن شيء، لم تقبل له صلاة أربعين ليلة" (صحيح مسلم، باب تحريم الكهانة وإتيان الكهان ۲ ۲۳۲، قديمي)

"عن أبي هريرة رضي الله تعالى عنه، أن رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم قال: من أتى كاهناً فصدقه بما يقول فقد برئ مما أنزل على محمد" (سنن أبي داؤد، كتاب الطب، باب في الكهان ۲ ۱۸۹، رحمانيه)

"من أتى كاهناً أو عرافاً فصدقه بما يقول، فقد كفر بما أنزل على محمد" (حرجه أصحاب السنن الأربعة، وصححه الحاكم عن أبي هريرة" (إرواء الصمآن، كتاب السير، باب المرتد، مطلب في الكاهن والعراف ۳ ۲۴۳، سعيد)

www.ahlehaq.org

مایتعلق بالحاضر والناظر والنور والبشر

(حاضروناظراورنوروبشر کا بیان)

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو حاضروناظر جاننا

سوال [۴۹۱۹]: حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حاضروناظر ہیں یا نہیں؟ کیئے وہ آیتہ ہے کہ تشہد میں بھی حاضر کا صیغہ ہے وہ کیسے قبول ہے، کیا حضور دوران نماز حاضر ہیں؟ اگر نہیں تو خطاب کا صیغہ کیوں نہیں ہے؟ میں نے کہا کہ یہ شب معراج کی یاد گار کے طور پر ہے، اس میں یا جرف خدا مخذوف بھی ہے۔ "یا ایہا النبی" تمام اللہ کا کلام ہے، جسے ہم لوگ صرف دہراتے ہیں، اس کے جواب میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے "السلام علینا وعلی عباد اللہ الصالحین" کہا تھا، انہوں نے جواب دیا کہ اللہ کے علم میں معاذ اللہ یہ نقص کہ اس کے بعد دینے پڑیں گے اور اتنا ماننے میں کیا حرج ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وراللہ کے حاضروناظر ہونے میں بڑا فرق ہے، مگر میری سمجھ میں یہ نہ آسکا کہ آپ کو حاضروناظر کیسے مانا جائے؟

میرا خیال ہے کہ روح کو حسی اشارہ سے متعین نہیں کیا جاسکتا، لہٰذا تعلق محمدیہ وہ روح اعظم ہے جس کا تعلق (کنکشن) ساری ارواح سے ہے، لہٰذا ہوسکتا ہے کہ اس بناء پر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حاضروناظر ہوں، مگر بقول حضرت شاہ صاحب اسمٰعیل شہید رحمہ اللہ تعالیٰ نماز میں آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا تصور کرنا، یہ خیال جانا گدھے کے خیال آنے سے بدتر ہے، کیونکہ گدھے کی تحقیر دل میں ہوتی ہے اور آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعظیم وتوقیر دل میں ہوتی ہے، لہٰذا وہ مشترک ہوجاتا ہے(۱)، مگر کچھ سمجھ میں نہیں آتا کہ تشہد میں حاضر کا

---

(۱) بال بحقد نے "علمت بعلمها فی بعض" از ۶ درسۃ زنا تا بیں پی ما ہے زیبہ تو ہا بتہ ۔ ت ، ہا وقف ہست ہوئے ش ، اشال آن از مطلق گو جناب ، راست تاب یا شد تجہد ین عرجہ ہذ ز استغراق در صورے گماز الخاست ، کہ خیال آں با تعظیم واجلال ہمواے قلب انسان می چسپد ، بخلاف خیال گاو وخر کہ آں قدر چسپدگی ے ہود وبہ تعظیم ، بلکہ طبعاً از گھر ے پرد ، ایں تعظیم واجلال نمیکند ، در نماز مخاطب مقصود ے ہود بشرکت خیال شد ۔" (سیرۃ مستقیم (اردو) ص ۸۲ ، بحوالہ سیرت ۱۷۱ ، ج ۱ تحت اعتراض ص ۸۶ ، مکتبہ صفدریہ)

سمیعا (کہ آپ میری اللہ تعالیٰ جیسا علم کی طرف مائل کر دیتا ہے اور یہ ظاہر ہے کہ کافر کو ایمان حاصل نہیں ہو سکتا ہے۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

قرآن کریم میں بہت سی آیات ایسی ہیں جن میں اللہ تعالیٰ نے اپنے علم کو اپنے ساتھ خاص فرمایا ہے جیسے ﴿وما یعلم جنود ربک الا ھو﴾ (۱) اس کو اللہ تعالیٰ کے علاوہ کوئی بھی نہیں جانتا ہے اور یہ سب سے پہلا عنوان ہے اللہ تعالیٰ کا قرآن پاک میں بیان فرمانے کا اور اس طرح اور بھی بہت سی آیات ہیں جن میں اللہ تعالیٰ کے علم کو اپنے ساتھ خاص فرمایا ہے اسی طرح حضرت یعقوب علیہ السلام کا اپنے والد سے کلام (۲) اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کا فرعون سے کلام (۳) نیز دیگر بہت سے انبیاء علیہم السلام کا کلام بھی پڑھا جاتا ہے۔

الحیات کے متعلق علماء دیوبند نے تحریر کیا ہے کہ روح مبارک کسی حالت میں بھی جسد اطہر سے قطعاً جدا نہیں ہوتی ہے بلکہ اس کی تصور اس کی کیفیت کا تصور کرتے ہوئے درود شریف پڑھتے وقت یہ تصور کیا جائے کہ اللہ کے پیارے حبیب حضرت محمد ﷺ کی روح میں تصور کرنا ہے مثلاً میں آپ روضہ اقدس میں ہوں اس وقت آپ کا تصور نہیں کرنا ہے بلکہ آپ ہی کو مخاطب کر رہا ہوں گویا آپ میرے پاس حضور میں موجود ہیں آپ حاضر و ناظر ہیں مسئلہ بہت صاف ہے اگر یار لوگوں نے اسے الجھا دیا ہے۔

حضرت مولانا اسماعیل صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ نے جو کچھ فرمایا ہے اس کی تصدیق بھی فرمائی ہے، "صراط مستقیم" آپ اطلاعی نظر سے، اس کا ترجمہ "خیال" سے کرنے کو اور اس کو بدعت قرار دیا ہے، حالانکہ "صراط مستقیم" میں خیال کو دخل نہیں اور نہ ہی آیات سے مشرک ثابت ہوتا ہے، "صراط

---

(۱) الانعام: ۱۲۔

(۲) یوسف: ۱۸۔

(۳) طٰہٰ: ۵۲۔

(۴) الشعراء: ۱۱۔۳۳۔

(۵) الاعراف: ۱۰۴۔۱۰۵ وغیرہ

(۶) وانحضر في قلبك حتى كأنك تراه فإن لم تكن تراه فإنه يراك وتستحضر الكريم وقد سماك عليك أيها الحبي ورحمة الله وبركاته وليتصور أمامك في حالة وبرده عليك هو أولى عندنا. (إحياء علوم الدين، كتاب أسرار الصلاة ومهماتها، الباب الثالث في شروط لبه الصلاة من أعمال القلب الخ، بيان تفصيل ما يحضر في القلب، ۱/۲۲۱، دار احياء التراث العربي بيروت)

امت'' سے مشرف ہوئے ہیں۔

''صرف امت'' کا مطلب یہ ہے کہ قلب میں کسی تصور کو اس طرح قائم کرلینا اور جمالینا کہ دوسرا مقلب کا اعتبار کرلے، کسی اور تصور کی گنجائش نہ رہے، جیسے کسی آئینہ پر سیاہ پردہ ڈال دیا جائے کہ اس پردے کے علاوہ نے تمام آئینہ کو گھیر لیا، اب کسی اور کے عکس کے لئے اس میں گنجائش نہیں رہی، تو یہ ''صرف ہمت'' ابتدائی محبت و عقیدت کے ساتھ ہوگا، ورنہ کسی اور کی گنجائش نہیں رہے گی، یہ وہی رنگ ہے نماز میں ''ولا تلتفت بقلبک ولا بعینک'' پڑھنے کا فرق ہے کہ اس کا خطاب بھی اس کو ہوگا جس کی طرف یہ ''صرف ہمت'' ہے، ورنہ کون کعبہ کو بھی اپنی آنکھ سے نہیں دیکھتا۔

غرض ''تمام توجہ اسی کے لئے ہوجائے گی'' جو ذاتی نماز تو اللہ کے لئے ہے، حاضر و ناظر کے لئے تمام اشیاء کا حاضر و ناظر ہونا اور واللہ تعالیٰ کا نادیدہ ہے، قرآن پاک میں متعدد بار رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو مخاطب کرکے کہا ہے کہ آپ فرمادیں ''قل انی اخاف ان عصیت ربی عذاب یوم عظیم'' (انعام: ۱۵) ''قل انی لا املک لکم ضرا ولا رشدا'' (جن: ۲۱) ''قل لا املک لنفسی نفعا ولا ضرا'' (یونس: ۴۹) اور بھی متعدد آیات ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ علم غیب ذاتی اور کلی حق تعالیٰ کا خاصہ ہے اور تواتر و تعامل کے ساتھ حضرت تھانوی صاحب نے فرمایا ہے کہ ''جو شخص ایک ذرہ بھی علم ذاتی اللہ کے سوا کسی کے لئے مانے وہ اسلام سے خارج ہے'' (۳)۔

یہ لکھا ہے کہ ''علم غیب اللہ تعالیٰ کا خاصہ ہے'' اچھا بتلایئے کہ اللہ کے سوا کسی کو عالم الغیب کہنا شرک ہے تو پھر جو لوگ حاضر و ناظر مانتے ہیں، وہ کس بنیاد پر ہوتے ہیں؟ احادیث میں آتا ہے، شہداء اللہ جن جن سے حاضر و ناظر ہونے کی نفی ہوتی ہے اور اس مسئلہ پر مستقل رسائل بھی لکھے گئے ہیں۔ حقائق علمیہ کی بحث یہ معقول عامہ کے لکھنے سے پہلو تہی ہے، یہ آپ کا حق ہے، ان کی بھی تحقیق ہے۔ اللہ تعالیٰ اعلم۔

احادیث العید گھر فتاویٰ، دار العلوم دیوبند، ۳۵/۲، ۱۴۰۶ھ۔

کیا ''یا'' کے معنی حاضر و ناظر کے ہیں؟

سوال [۱۴۰۵]: ''یا'' کے معنی حاضر و ناظر کے کہتے ہو تو کہو کہ ''یا'' کے معنی حاضر و ناظر ہوتا ہے۔

---

(۱) (الانعام: ۱۵)

(۲) (الانعام: ۵۰)

(۳) (ملفوظات اعلیٰ حضرت مرہٹوی ۳/۱۰۲، محمد علی کارخانہ اسلامی کتب خانہ کراچی)

فتاوی محمودیہ جدید سنت دیکھ ۲۰ ۔ ۔ ۔

اللہ تعالیٰ علیہ وسلم "(۱) (صحیح)

اور حضرات عرفاء محدثین نے کتنے پیارے کلمات لکھے ہیں جن سے اہل ایمان کے ذوق عرفان میں نکھار پیدا ہوا اور خالفین کے طعوم پر نشتر چلے، حضرت امام غزالی، ہو الصوم میں تحریر فرماتے ہیں:

"و حضر في قبلة نبي صلى الله تعالى عليه وسلم (صحيح لكوبه) (۲)

حضرت شیخ محدث دہلوی مکتوبات میں تحریر فرماتے ہیں:

"اور بعض از ارباب تحقیق گفته اند که آنحضرت صلی الله تعالیٰ علیه وسلم باعتبار سریان حقیقت در فرهائی موجودات واحاطه بانوکات وی بسائر ممکنات در ذات مصلی حاضر است ودرود بصیغه خطاب در حقیقت بملاحظه آن حضور وشهود است صلی الله علیک یا رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم".

عبارت مذکور مستند حاضر وناظر ہونے سے ماخذ اعلیٰ۔

الجواب وبیدہ الحق والصواب (دار العلوم دیوبند):

التحیات میں لفظ "السلام" پڑھتے ہوئے کہ صرف نفس واخبار پر کلمات کرے، بلکہ بقصد انشاء ان کلمات کو ادا کرے (۳)، جب اونی شخص کسی اپنے محترم اکرم شیخ، استاذ، والد وغیرہ کو کہتا ہے: میں اپنے عزیز، مرید،

---

(۱) (مراقي الفلاح، كتاب الصلاة، فصل في كيفية ترتيب أفعال الصلاة، ص: ۲۹۵، قديمي)

(۲) (إحياء علوم الدين، كتاب أسرار الصلاة ومهماتها، الباب الثالث في شروط الباطنة من أعمال القلب، ۱/ ۲۲۱، دار إحياء التراث العربي بيروت)

(۳) "وبقصد بألفاظ التشهد معانيها مرادة له على وجه الإنشاء، كأنه يحيي الله تعالى ويسلم على نبيه وعلى نفسه، وأوليائه" (الدر المختار، كتاب الصلاة، فصل في بيان تأليف الصلاة إلى انتهائها، ۱/ ۵۱۲، سعيد)

"(بقصد) المصلي إنشاء هذه الألفاظ مرادة له قاصدا معناها الموضوع له من عنده، كأنه يحيي الله سبحانه وتعالى، ويسلم على النبي صلى الله تعالى عليه وسلم وعلى نفسه، وأولياء الله تعالى" (حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح، كتاب الصلاة، فصل في كيفية ترتيب أفعال الصلاة، ص: ۲۹۵، قديمي)

شاگرد، بیٹے وغیرہ کو خط لکھتا ہے اور اس میں صیغۂ خطاب استعمال کرتا ہے، وہاں مقصود نقل واخبار نہیں ہوتا، بلکہ بسا اوقات مکتوب الیہ کی صورت کو ذہن میں حاضر کرکے وہی محاورات استعمال کرتا ہے، جو اس کے سامنے کرتا اور جانتا ہے کہ یہ خط وہاں پہونچے گا، یہ عقیدہ نہیں ہوتا کہ مکتوب الیہ ہر جگہ ہر وقت حاضر اور ناظر ہے۔

حضرت سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم (فداہ ابی وامی) کو اللہ عزوجل نے اپنی ذات وصفات سے متعلق شان نبوت کے لائق اتنا علم عطا فرمایا ہے کہ دیگر تمام انبیاء علیہم السلام واولیاء کرام وملائکہ عظام کا مجموعی علم ایک قطرہ کے برابر ہے، تا بہ کنار سمندر کے مقابلہ میں، اور خدائے قادر مطلق علیم وخبیر کے علم کے مقابلہ میں سب کے علوم کو وہ نسبت نہیں جو سمندر اور قطرہ میں ہوتی ہے، متناہی اور غیر متناہی کے درمیان کیا نسبت (۱)۔

جو شخص اللہ پاک اور حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا علم برابر مانے، ملا علی قاری نے اس کی تکفیر کی ہے (۲)۔ ہر جگہ پر حاضر وناظر ہونا کسی آیت وحدیث سے ثابت نہیں۔ مسئلہ عقیدہ دلیل قطعی سے ثابت ہوتا ہے (۳)، پھر اگر کوئی خبر واحد یا کسی بزرگ کا مقولہ بظاہر دلیل قطعی کے خلاف معلوم ہوتا ہے، تو حسن ظن کے تحت اس کے ایسے معنی کئے جائیں گے جو دلیل قطعی کے خلاف نہ ہوں، نہ کہ اس کو اصل دلیل قرار دے کر دلیل قطعی کو ترک کردیا جائے، ایسا کرنا کسی کے نزدیک بھی جائز نہیں، عالم الغیب والشہادہ اللہ تعالیٰ کی خصوصیت

= (وكذا في البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة: ۱/۵۶۷، رشيديه)

(۱) "إن الله جعل للعقول في إدراكها حدّ تنتهي إليه لا تتعداه، ولم يجعل لها سبيلاً إلى الإدراك في كلّ مطلوب، ولو كانت كذلك لاستوت مع الباري تعالى في إدراك جميع ما كان ومايكون، وما لا يكون؛ إذ لو كان، كيف كان يكون؟ لمعلومات الله لا تتناهي، ومعلومات العبد متناهية، والمتناهي لا يساوي ما لا يتناهي" (الاعتصام لشاطبي، الباب العاشر في معنى الصراط المستقيم الخ، الفصل النوع الثالث، ص: ۵۶۲، دار المعرفة بيروت)

(۲) (الموضوعات الكبرى، فصل. ومنها مخالفة الحديث لصريح القرآن، ص: ۳۲۴، قديمي)

(۳) "ومعرفة العقائد عن أدلتها بالكلام، وفيه الجمهور الأدلة بالقطعية، لأن اتباع الظن في العقائد مذموم". (النبراس، الأدلة الشرعية أربعة، ص: ۱۷، مكتبه حقانيه ملتان)

"والاكتفاء بالظن إنما يجوز في العمليات لا في الاعتقاديات". (النبراس بيان الخلفاء الراشدين، ص: ۳۰۱، مكتبه حقانيه ملتان)

www.ahlehaq.org

ہے۔ اس میں اس کا کوئی شریک نہیں علم الغیب پر مستقل رسائل تصنیف کئے گئے ہیں، مولانا احمد رضا خاں صاحب بریلوی نے بھی حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو عالم الغیب کہنے کی اجازت نہیں دی، بلکہ منع کیا ہے، جیسا کہ صفحہ ۴ میں تصریح ہے(۱)، مذکورات میں بھی یہ بحث موجود ہے(۲)، خدائے پاک نے ظلم فرمایا:

﴿قل لا أقول لكم عندي خزائن الله ولا أعلم الغيب﴾ الآية(۳)۔

﴿قل ما كنت بدعا من الرسل وما أدري ما يفعل بي ولا بكم﴾ الآية(۴)۔

﴿وعنده مفاتح الغيب لا يعلمها إلا هو﴾ الآية(۵)۔

﴿قل لا يعلم من في السموات والأرض الغيب إلا الله﴾ الآية(۶)۔

﴿عالم الغيب والشهادة﴾ الآية(۷)۔

غیب کی باتوں کا جس قدر علم حق تعالیٰ نے عطا فرمایا، عطا ہوئی، یہ بات نہیں ہے کہ غیب کی بات پر جب چاہیں مطلع ہو جائیں۔

"اعلم أن الأنبياء لم يعلموا المغيبات من الأشياء إلا ما أعلمهم الله تعالى إجمالاً، وكثر الحنفية تصريحا بالتكفير باعتقاد أن النبي عليه السلام يعلم الغيب بمعارضة قوله تعالى ﴿قل لا يعلم من في السموات والأرض الغيب إلا الله﴾ كذا في المسايرة، ص: ۱۸۵، شرح فقه أكبر(۸)۔

---

(۱) (صفحہ، ص: ۲۶، مطبع اہل سنت والجماعت بریلی محلہ سوداگران)

(۲) "یونہی زید پر تو بعد کے لئے ۱۱-۱۲-۱۳ سے غائب"۔ (خطوات بریلوی ۲۰۴/۲، ورفاہ اسلامی کتب خانہ)

(۳) (الأنعام ۵۰)

(۴) (الأحقاف ۹)

(۵) (الأنعام ۵۹)

(۶) (النمل ۶۵)

(۷) (التغابن ۱۸)

(۸) (شرح الفقه الأكبر لملا علي القاري، ص: ۱۵۱، قديمي)

"واعلم أن دعوى الغيب معارضة لنص القرآن فيكفر بها"۔ (والبحر، باب المرتد) =

"من اعتقد حضرة علم الله ورسوله بالحكم إجمالاً". ملا علي قاري في شرح فقه اكبر، ص: ۱۶۲ (۱).

مطلوبہ عبارتوں میں حضرات اکابر دیوبند کی طرف غلط باتیں حسب عادت منسوب کرنے کے بعد فاضل صاحب نے جو چوتھا مسئلہ لکھا ہے، وہ یہ ہے: "برادری تو درکنار میں نے اپنے کتابوں میں تصریح کردی ہے کہ اگر تمام اولین وآخرین کا علم جمع کیا جائے تو ان کے علم وعلم والی سے وہ نسبت ہرگز نہیں ہوسکتی، جو ایک قطرے کو دریا میں نسبت ہوسکتی ہے کہ یہ نسبت متناہی کی متناہی سے ہے اور وہ غیر متناہی ہے، متناہی کو غیر متناہی سے کیا نسبت ہوسکتی ہے" (۲)۔ فتاویٰ ان تمام امور۔

تدریب الجہو، تحقیق دارالعلوم دیوبند، ۳/۹/۹۰ھ۔

www.ahlehaq.org

= مطلب في دعوى علم الغيب ۳: ۳۳۳، سعيد)

"وجب للحسنة فاعلها ما يغيب أمر تفرد به الله تعالى، لا سبيل للعباد إليه، إلا بإعلام منه بالوحي، أو إلهام بطريق الصعقة، أو الكرامة، أو الإرشاد ..." (السراج في شرح شرح العقائد، ص: ۳۴۳، مكتبه حقانيه ملتان)

(۱) (الموضوعات الكبرى، فصل ومنها مخالفة الحديث لصريح القرآن، ص: ۳۲۹، قديمي)

(۲) (ملفوظات اعلى حضرت دیوبند، ۲: ۵۹، محمد علی کارخانہ اسلامی کتب خانہ کراچی)

مایتعلق بحیاۃ الأنبیاء وسماع الموتیٰ

(حیات انبیاء ورسماع موتیٰ کا بیان)

مسئلہ حیات النبی

سوال [۴۹۱۱]: ۱۔ حیات النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بارے میں اہل سنت کا کیا نقطۂ نظر ہے؟ آیا اہل سنت والجماعت کے نزدیک رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حیات ہیں تو اس حیات نبی کی کیا نوعیت ہے؟

۲۔ منکرین حیات النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا مستدل یہ ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی وفات کے بعد خلیفۂ اول سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے پہلے خطبہ میں فرمایا تھا:

"من کان یعبد محمداً فإن محمداً قد مات، ومن کان یعبد اللہ فإن اللہ حيّ لایموت" (۱)۔

اس عبارت سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم زندہ نہیں ہیں، وفات پاچکے، اب حیات کا کوئی سوال نہیں پیدا ہوتا ہے، اس کا کیا جواب ہے؟

۳۔ علماء دیوبند نے مسئلہ مذکورہ میں کیا طریقہ اختیار کیا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر موت کا طاری ہونا قرآن کریم اور حدیث شریف سے ثابت ہے (۲)۔

---

(۱) (البدایۃ والنہایۃ، احتضارہ ووفاتہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، ۵/۲۴۸، حقانیہ پشاور)

(۲) "عن عائشۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہا قالت: کان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یقول في مرضہ الذي مات: "یا عائشۃ ما أزال أجد ألم الطعام الذي أکلت بخیبر، وھذا أوان وجدت انقطاع أبھري من ذلک السم" (مشکاۃ المصابیح، کتاب الفتن، باب وفاۃ النبي صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، الفصل الثالث، ۲/۵۲۱، قدیمی)

ہوشیار رہتی ہے، (۱) البتہ موت وحیات کے درمیان کی حالت یعنی برزخ میں روح کا تعلق جسد سے کس نوع کا ہے اس کا علم ہر شخص کو نہیں ہوتا، اور انبیاء علیہم السلام کے متعلق یہ بات تو یقینی ہے کہ ان کا تعلق اپنے جسد سے عام مومنین کی بہ نسبت بہت زیادہ قوی ہوتا ہے، حتی کہ ان کے جسد کا زمین پر گلنا سڑنا بھی حرام ہے، اور ان کے جسد کو غذا بننا بھی حرام ہے، اور ان کا جسد مبارک بعد وفات بھی ایسا ہی محفوظ ہے جیسا کہ حیات میں تھا، اور ان کی ازواج سے نکاح بھی جائز نہیں، اور ان کا ترکہ بھی تقسیم نہیں ہوتا، اور ان کی ازواج مطہرات سے کسی کا نکاح درست نہیں (۲) بلکہ ان کے تعلق

یہ اقوال اور تتمہ خراب اور اس کا انداز غلط طریقہ ہے، بعض قراء نے اس کو ذریعہ کسب بنالیا ہے(۱)، اس سے پرہیز کیا جائے، ادلۂ شرعیہ سے یہ ثابت نہیں(۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

املاہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۲/۸/۱۳۰۰ھ۔

ریڈیو کی تلاوت کا سننا

سوال[۱۰۰۵۶]: اگر کوئی ریڈیو کے پاس تلاوت کلام اللہ کرنے، ریڈیو بند کرنے کو دوم حکم کرتا ہے، لیکن بچے بھی وہاں نہیں آتے تو ایسی صورت میں ہمارے قیم حرمت کلام سلسلہ تلاوت کلام پاک ملتوی یا منقطع کریں یا شروع کیا تو پھر اختیار کریں؟

---

(۱) "عن رائان قال: سمعت سفيان يقول: من قرأ القرآن يأكل به، جاء يوم القيمة ووجهه عظم ليس عليه لحم" (مصنف ابن أبي شيبة، باب في الرجل خوم بالماء في رمضان فيعطى، ۵/۲۳۸، رقم الحديث: ۸۶۲۳، المجلس العلمي)

"قال في الهداية: الأصل أن كل طاعة يختص بها المسلم، لايجوز الاستئجار عليها عندنا، لقوله عليه السلام: "اقرأوا القرآن ولا تأكلوا به" فالاستئجار على الطاعات مطلقاً لا يصح عندنا لثلاثة ولا شك أن التلاوة المجردة عن التعليم من أعظم الطاعات التي يطلب بها الثواب، فلا يصح الاستئجار عليها؛ لأن الاستئجار بيع المنافع، وليس للتالي منفعة سوى الثواب، ولا يصح بيع الثواب" وقال العيني في شرح الهداية معزياً للواقعات: ويستفاد من الذخيرة والخلاصة والمحيط الجواز". (تنقيح الفتاوى الحامدية، كتاب الإجارة، مطلب في حكم الاستئجار على التلاوة، ۲/۳۷، مكتبه مجتبائي مصر)

(وكذا في ردالمحتار، كتاب الإجارة، باب الإجارة الفاسدة، ۶/۵۶، سعيد)

(۲) "عن عائشة رضي الله تعالى عنها قالت: قال رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم: "من أحدث في أمرنا هذا مالیس منه فهو رد". (مشكاة المصابيح، كتاب الإيمان، باب الاعتصام بالكتاب والسنة، الفصل الأول، ۱/۲۷، قديمي)

(وصحيح البخاري، كتاب الصلح، باب إذا اصطلحوا على صلح جور فالصلح مردود، ۱/۳۷۱، قديمي)

(وسنن أبي داود، كتاب السنة، باب في لزوم السنة، ۲/۲۹۰، رحمانيه)

www.ahlehaq.org

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر کوئی شخص تلاوت کلام پاک میں پہلے سے مشغول ہے، پھر سجدۂ تلاوت شروع ہوجائے اور اس میں بھی تلاوت کرے تو اختیار ہے کہ اپنی تلاوت کو بند کرکے سجدۂ تلاوت کرلے یا اپنی ہی تلاوت میں مشغول رہے(۱)، اور سجدہ میں تلاوت کے ساتھ ساتھ دوسری چیزوں کا تجانا شرافت ہوتو یہی تلاوت میں مشغول رہے، بند کرکے دوسری جگہ سے تلاوت کرے(۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند۔

www.ahlehaq.org

---

(۱) "وفي الدرة المنيفة عن الخلاصة: يكره للقوم ان يقرأ القرآن جملة لصمهم ترك الاستماع والانصات، وقيل لايأثم" (حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح، فصل في صفة الاذكار، ص: ۳۸۸ قديمي)

وكذا في الفتاوى العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب الرابع في الصلاة والتسبيح، ۵/ ۳۱۹، رشيديه)

وكذا في رد المحتار، كتاب الصلاة، مطلب الاستماع للقرآن فرض كفاية، ۱/ ۵۴۰، سعيد)

(۲) "وفي خزانة المفتين أن لايقرأ في الاسواق وفي جوامع الكلم" (الفتاوى العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب الرابع في الصلاة، ۵/ ۳۱۹، رشيديه)

وكذا في تبيين الحقائق، كتاب الطهارة، باب الحيض، ۱/ ۷۸، دارالكتب العلمية بيروت)

المتفرقات

مسئلہ خلق قرآن

سوال [۱۰۰۵۵]: قرآن کے مخلوق اور غیر مخلوق ہونے کا کیا مسئلہ ہے؟ مخلوق ماننے کا کیا مطلب ہے؟ اور اس سے کیا خرابی لازم آتی ہے؟ بہر حال خدا کا کلام ہے، یہ مخلوق و غیر مخلوق کا شوشہ چھوڑنے کی وجہ؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

یہ مسئلہ تو آپ اس وقت سے جانتے ہیں، جب بخاری شریف میں یہ باب پڑھا تھا(۱) اور اس میں ۱۰ کے اقوال اور استدلالات آپ کے سامنے پیش کئے گئے تھے، نیز شرح عقائد نسفی میں بھی بحث ہوئی تھی (۲)، آج اسی شوشہ کا کیا آخر ہوا؟ مامون الرشید کے دور میں جتنے شوشے نکل چکے، انہیں سے یہ بھی رنگین ہے، اب ان شوشوں کو باقی رہنے دیں تو کیا ہے۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۱/۳/۸۶ھ۔

الجواب صحیح: مہدی حسن، دارالعلوم دیوبند۔

۷۸۶ لکھنے کی وجہ

سوال [۱۰۰۵۸]: ایک بندہ سوال کرتا ہے کہ ۷۸۶ کے عدد تم لکھتے ہو اور کہتے ہو کہ یہ بسم اللہ کے عدد ہیں لہٰذا گزارش یہ ہے کہ اس کا جواب کیا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

کہ ۷۸۶ بسم اللہ کا عدد ہے، تو اس پر اعتراض کیا ہے تاکہ اس کا جواب دیا جائے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۱/۱۰/۸۵ھ۔

---

(۱) صحیح البخاری، کتاب التوحید، باب قول اللہ: ﴿وانتم حلقکم وما تعملون﴾ الخ ۲/۱۱۲۰ (قدیمی)

(۲) شرح العقائد النسفیۃ، القول بکلام اللہ تعالیٰ غیر مخلوق، ص: ۵۸ (قدیمی)

کیا سورۂ لہب کا پڑھنا مکروہ ہے؟

سوال[۱۰۰۵۹]: سورۂ لہب کا فرض نماز میں پڑھنا مکروہ ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

سورۂ لہب بھی قرآن کریم کی سورت ہے، اس کا فرض نماز میں پڑھنا درست ہے۔

حدیثہ تعالیٰ: فاقرؤا ما تیسر من القرآن (۱)، واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۱۲/۳/۹۲ھ

الجواب صحیح: احمد نظام الدین غفرلہ ۱۲/۳/۹۲ھ

آیت قصب اور اس کے پڑھنے کا طریقہ

سوال[۱۰۰۶۰]: ۱ قرآن کریم میں آیت قصب کون سی آیت ہے۔

۲ اس کے پڑھنے کا طریقہ اور اس کے اثرات کیا ہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

پ۳۰ سورۂ انشراح میں فاذا فرغت فانصب الخ (۲) کو آیت قصب کہتے ہیں۔

فرض نماز کے بعد سات مرتبہ اس آیت کا پڑھنا مختلف ہے، فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۱۳/۷/۸۹ھ

قرآن پاک کا معنی سمجھے بغیر تلاوت کرنا

سوال[۱۰۰۶۱]: قرآن پاک کی تلاوت بغیر فہم معنی پڑھنا درست ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جو شخص قرآن شریف کے معنی نہیں سمجھتا اور تلاوت کرتا ہے، وہ بھی مستحق اجر ہے۔

لحدیث: من قرأ حرفاً من کتاب اللہ فلہ بہ حسنۃ والحسنۃ بعشر امثالہا لا أقول

---

(۱) المزمل ۲۰

(۲) الم نشرح ۷

۴ حرف، ۱۰ حرف، و ۱۰ حرف، و میم حرف "رواہ الدارمی" (۲) و المشکاۃ

مرعاۃ، ص: ۱۸۶، ج: ۳، (۳) واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دار العلوم دیوبند، ۲/۳/۹۲ھ

الجواب صحیح: عبد الحق عفا اللہ عنہ، ۲/۳/۹۲ھ۔

قرآن کریم بواسطہ جبرئیل آیا اور تورات بلاواسطہ

سوال [۱۰۰۲۲]: از جانب مفتی سلمان صاحب!

الحمد للہ میں مسلمان ہوں اور قرآن شریف کو نہایت عزت کی نظر سے دیکھتا ہوں اور اس پر عمل بھی ہے لیکن بعض مرتبہ غیر مسلموں سے ایسی باتیں ان میں آتی ہیں، جو غور طلب ہوتی ہیں، مثلاً حسب معلوم ہوتا ہے کہ وہ چیلنج آپ کے سامنے پیش کرتا ہے کہ آپ اپنی کتاب کو ثابت کریں، مسئلہ یہ معلوم ہوا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جو کتابیں جلیل القدر پیغمبروں پر نازل فرمائی ہیں جس میں چار کتابیں بڑی ہیں ان کی کتابیں بھی بذریعہ وحی مانی جاتی ہیں لیکن غور طلب مسئلہ یہ ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام پر اللہ تعالیٰ نے تورات کو بواسطہ نازل فرمایا ہے اور حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر قرآن شریف بواسطہ جبرئیل علیہ السلام قرآن شریف میں بھی اس کا ذکر ہے، مدلل جواب سے مشرف فرمائیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

محترمی زید اللہ مجدہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

تورات کتاب بصورت اوراق حضرت موسیٰ علیہ السلام کو دی گئی (۴) جیسے کسی شخص کو کسی ضرورت

---

(۱) رواہ الترمذی، کتاب فضائل القرآن، باب ماجاء من قرأ حرفاً من القرآن ماله من الاجر، ۲/۱۹۰، (سعید)

(۲) رواہ الدارمی، کتاب فضائل القرآن، باب فضل من قرأ القرآن، ۲/۵۲۱، رقم الحدیث: ۳۳۴۰، (فیصل)

(۳) مشکاۃ المصابیح، کتاب فضائل القرآن، الفصل الثانی، ۱/۸۶، (قدیمی)

(۴) قال اللہ تعالیٰ: "وکتبنا له في الألواح من كل شيء موعظة وتفصيلا لكل شيء" (الجامع لأحكام القرآن للقرطبي، الأعراف: ۱۴۵، ۷/۲۲۶، دار إحياء التراث العربي بيروت)

[illegible] ایک جماعت، مستشرقین سے متاثر ہو کر یا اپنے [illegible] کے موافق عمل کرتے ہوئے [illegible] کی علمی اصلاح کے اس پر عمل کیا اور [illegible] کی [illegible] قرآن پاک [illegible] ۲۳ سال کی مدت میں آہستہ آہستہ جب جس [illegible] کا واقع [illegible] یا [illegible] کی [illegible] کتاب ہونے سے انکار ہے اس حقیقت سے کہ یا یہ ہے کہ اس کو [illegible] یا [illegible] کی [illegible] سے اس [illegible] کا [illegible] یا [illegible] ۲ [illegible] جیسے کہ [illegible] کی [illegible] کا [illegible] ہے [illegible] کا [illegible] یا اس [illegible] کا [illegible] کہ اس [illegible] کی [illegible] کا [illegible] کتاب [illegible] کی [illegible] ہے [illegible] اس حقیقت کی [illegible] کی [illegible] کے [illegible] کی [illegible] ہے [illegible] کی [illegible] کی [illegible] کی

وقال تعالیٰ: ﴿یکتبون الکتاب بأیدیهم ثم یقولون هذا من عند الله﴾ (۱)۔

اس دنیا میں کلام فرمانے اور مقام قاب قوسین پر بلا کر کلام فرمانے کے فرق کو بھی ملحوظ رکھیں۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند۔

☆.....☆.....☆.....☆.....☆

www.ahlehaq.org

(۱) (البقرة: ۷۹)

باب مایتعلق بالحدیث النبوی

(حدیث سے متعلق مباحث کا بیان)

طبقاتِ حدیث

سوال[۱۰۰۲۳]: شاہ عبدالعزیز صاحب محدث دہلوی نے بجاۂ ناقد میں طبقات بیان فرمائے ہیں، وہ کیا ہیں؟ احناف کا مسلک احادیث کی روشنی میں اور مسیح ہے؟ اس کا مفصل بیان فرما کر ثواب دارین حاصل کریں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

حضرت شاہ عبدالعزیز صاحب محدث دہلوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے بجاۂ ناقد میں کتب حدیث کے طبقات بیان فرمائے ہیں (۱)۔ یہ مضمون اپنے والد بزرگوار حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی رحمہ اللہ تعالیٰ سے لیا ہے، جس کو انہوں نے حجۃ اللہ البالغہ میں بیان فرمایا ہے (۲)۔

تعدادِ حدیث کے لئے محدثین نے جو قوانین تجویز فرمائے ہیں ان کے لحاظ سے کتب حدیث چند طبقات پر ہیں، سب سے اعلیٰ طبقہ میں تین کتابیں شمار کی ہیں۔

۱-موطا امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ (ام الصحیحین) ۲-بخاری شریف ۳-مسلم شریف

فالصفة الأولى منحصرة بالاستقراء في ثلاثة كتب الموطأ، وصحيح البخاري، وصحيح مسلم (حجة الله البالغة: ۱/۳۲۲) (۳) البتہ ترمذی شریف میں ابوداؤد، ترمذی، نسائی وغیرہ کتابوں کا ذکر ہے۔

الصفة الثانية كتب لم تبلغ مبلغ تلك الصحاح، وهي صحيح أبي

---

(۱) عجالہ نافعہ، فصل اول، طبقات کتب حدیث، ص ۳-۵، نور محمد کتب خانہ کراچی۔

(۲) (حجۃ اللہ البالغہ، باب طبقات کتب الحدیث، ۱/۳۲۲-۳۲۳، زمزم پبلشرز)

(۳) (حجۃ اللہ البالغہ، باب طبقات کتب الحدیث، ۱/۳۲۳، زمزم پبلشرز)

داود رحمہ اللہ تعالیٰ جامع الترمذی رحمہ اللہ تعالیٰ، ومجتبیٰ النسائی رحمہ اللہ تعالیٰ اور حجۃ اللہ البالغۃ: ۱/۱۳۳۰ (۱) میں مقدمۃ الکتاب میں مصنف ابن ابی شیبہ، مصنف عبدالرزاق، مسند دیاکی کتب تحقیق بالبرانی، شیرویہ، وائل آیا ہے (۲)۔

جلد رابع میں کتاب الضعفاء لابن حبان، کامل ابن عدی، کتب خطیب رازی وغیرہ کو ذکر کیا ہے (۳)۔

جلد خامس میں کسی خاص کتاب کا نام نہیں لیا، بلکہ اس کو اجمالاً ماقبل ہی کی طرح ذکر فرمایا ہے۔ آخر میں بالجملہ کا مقام بیان کیا ہے۔

"اما الصنعة الاولى والثانية فعملهما عماد المحدثين وحجة حفاظ المسلمين وهو حفاظهم ومراتبهم وامر حقيقتهم، واما الثالثة فلا يباشرها العلماء والقول فيها الا للمحدثين الجهابذة الذين يحفظون الاسناد الى رجال علل الاحاديث، ومعها رجالها يؤخذ منها الصحاح، والشواهد، ويوقف حمل الله لكل شيء قدرا لهم

واما الرابعة فالاشتغال بجمعها والاشتغال بها نوع احمق من العمل آخر من، وان تشبث فيها بعض الفضلاء عن من الجمعة والجمعة وغيرهم يمكنون دادى عدم ان يحصروا فيها تواعد معاصيهم، فالانتصار بها غير صحيح في مجال المحدثين الخ" (حجة الله البالغة: ۱/۱۳۹)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم واحکم۔

حررہ العبد محمود غفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۵/ ۲/ ۸۵ھ۔

الجواب صحیح: نظام الدین غفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

"إنما أنا قاسم والله يعطي" کی تحقیق

سوال [۱۰۰۶۲]: کچھ لوگوں نے ذکر کیا کہ دارالعلوم دیوبند کے صدر دروازے پر درج ذیل

---

(۱) (حجة الله البالغة، باب طبقات كتب الحديث: ۱/ ۳۸۰، زمزم پبلشرز)

(۲) (حجة الله البالغة، باب طبقات كتب الحديث: ۱/ ۳۸۰، زمزم پبلشرز)

(۳) (حجة الله البالغة، باب طبقات كتب الحديث: ۱/ ۳۸۱، زمزم پبلشرز)

(۴) (حجة الله البالغة، باب طبقات كتب الحديث: ۱/ ۳۸۲، زمزم پبلشرز)

www.ahlehaq.org

حدیث الدہ ہے

"اے محمد! اگر وہ کہ تمہارا خدا تمہیں دیتا ہے اور تم سب کو دیتے ہیں"۔

آپ جناب سے گزارش ہے کہ یہ روایت جہاں تک صحیح ہو یا جیسی بھی ہو، از راہ کرم حدیث ہونے کا حوالہ بھی۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

إنما أنا قاسم والله يعطي" (صحیح بخاری)۔

بخاری شریف، جلد اول ص ۱۶ پر موجود ہے (۱)۔ امام بخاری کا اس حدیث کو لینا اور اس کی تخریج کرنا خود اس کے صحیح ہونے کی دلیل ہے اور یہی حدیث دوسری کتابوں میں بھی مذکور ہے، ترمذی صحیح ہے۔

ثبوت: یہ حدیث حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بیان فرمائی ہے، جس میں یہ نہیں فرمایا ہے کہ (۲) لفظ واضح ہے۔

واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۶/ ۲/ ۸۶ھ۔

بیان کعبہ کے وقت ازار مبارک اتار دینا

سوال [۲۰۱۲] قبل اس کے جناب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سیدنا حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے کندھے پر اپنا ازار مبارک رکھا، یا کعبہ کے موقع پر دوش پر رکھا تھا، یہ واقعہ بخاری کے کس باب میں ہے اور کیا گیا ہے؟ اس کا ترجمۃ الباب کیا ہے؟ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی عمر اس وقت کیا ہوگی؟

---

(۱) (صحیح البخاري، كتاب العلم، باب من يرد الله به خيراً يفقهه في الدين، رقم الحديث ۷۱، ص ۱۶، ج ۱، دار السلام)

(صحیح مسلم، كتاب الزكاة، باب النهي عن المسألة، رقم الحديث ۱۰۳۷، ص ۴۱۰، ج ۱، دار السلام)

(۲) "وعن معاوية رضي الله تعالى عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم: من يرد الله به خيراً يفقهه في الدين، وإنما أنا قاسم والله يعطي" (مشكاة المصابيح، كتاب العلم، الفصل الأول، ص ۵۱، دار الكتب العلمية بيروت)

الحوب حامداً ومصلیاً:

[illegible] (۱) [illegible] (۲) [illegible] (۳) بخاری شریف بعد اول شین کے تین واقع پر پڑھا گیا ہے(۴) ۔ تراجم لغات نقل کر دیے ہیں۔

بعض شراح کی رائے ہے کہ عمر مبارک اس وقت پچھتر سال تھی، لیکن عام مورخین وشراح نے ۶۳ سال لکھی ہے(۵) ۔ فقیر واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۱۲/ ۸۴ھ

---

(۱) أخرجه عمر بن شبة قال: سمعت جابر بن عبد الله يحدث أن رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم كان ينفر بعقبه الحجون وعليه إزار. فقال له العباس عمه: يا ابن أخي! لو حملت إزارك فجعلت على منكبيك دون الحجارة. قال: فحله فجعله على منكبيه، فسقط مغشيا عليه. فما رؤي بعد ذلك عريانا". (صحيح البخاري، كتابه الصلاة، باب كراهية التعري في الصلاة: ۱/ ۵۲، قديمي)

(۲) (صحيح البخاري، كتاب الحج، باب فضل مكة وبنيانها: ۱/ ۲۱۵، قديمي)

(۳) (صحيح البخاري، كتاب مناقب الأنصار، باب بنيان الكعبة: ۱/ ۵۵۶، قديمي)

(۴) "وذكر ابن إسحاق وغيره أن قريشا لما بنت الكعبة كان عمر النبي صلى الله تعالى عليه وسلم خمسا وعشرين سنة". (فتح الباري، كتاب مناقب الأنصار، باب بنيان الكعبة: ۷/ ۱۸۵، قديمي)

وكذا في عمدة القاري، كتاب مناقب الأنصار، باب بنيان الكعبة: ۱۲/ ۳۹۵، دار الكتب العلمية بيروت.

(قوله: بنيان الكعبة) أي: على يد قريش في حياة النبي صلى الله تعالى عليه وسلم في بعثه كما في الفتح، قال العيني قال الزهري: أما بناء قريش للكعبة لم يبق للنبي صلى الله تعالى عليه وسلم فيه شيء، وقيل بل بناها إبراهيم وكان عمره خمس عشرة سنة، والمشهور أن بناء قريش الكعبة بعد تزويج خديجة رضي الله تعالى عنها بعشر سنين فيكون عمره صلى الله تعالى عليه وسلم إذ ذاك خمسة وثلاثين سنة وهو الذي أمر عمه محمد بن إسحاق أن موسى بن عقبة قال بناء الكعبة قبل المبعث بخمس عشرة سنة، وهكذا قال مجاهد وعمرة". (حواشي لمحافظ لشيخ المحدث محمد علي المنهوري على صحيح البخاري، باب بناء الكعبة: ۵۲۰، قديمي)

سات ناکھوالی حدیث کا ثبوت

سوال (۲۰۲۲): آپ نے جو سات آیتیں لکھی ہیں ان سے الگ الگ مختلف احادیث سے جواب بیان کرتے ہیں آخر میں لکھا ہے کہ یہ حدیث تو ان کے پاس نہیں ملی اخ سے نہیں فرماتے ہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

رسالہ اول کی تحقیق میں (۱) اسد بن کرز والی روایت جامع مظاہری کی ترتیب تہذیب میں موجود ہے (۲) ابوداؤد والی روایت عبداللہ بن عمرو والی روایت جامع مظاہری میں حضرت عمر سے ہے (۳) عام کتابوں میں جہاد کا ثبوت قرآن کی کتنی سات آیتوں سے ہے اور جہاد کا ثبوت کتنی حدیثوں سے ہے آپ نے آیتیں تو لکھ دی ہیں حدیثیں نہیں لکھیں جہاد بالمال کی آیت سے (۴) جہاد بالنفس کی آیت سے (۵) جہاد بالقتال کی آیت سے (۶) جہاد بالسیف کی آیت سے (۷) جہاد بالرمی کی آیت سے ان کی تائید

---

(۱) فتح الملہم شرح صحیح مسلم کتاب الجہاد والسیر باب الغدر و لزوم الجماعۃ فی السفر والحث علی مکارم الاخلاق ۲: ۱۲۲ دار الکتب العلمیہ بیروت

(۲) عن الحسن بن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال حفظت من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فلا بأس بہ وقد روی فی ہذا الباب عن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول ... وہذا غریب لا نعرفہ فی مسند عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ... وقد روی ہذا الحدیث عن ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما ... وہذا غریب

خدائے پاک کی ذات ہوئی سراسیت واستغناء اور اپنی رحمت سے رحم فرماتی ہے، یہ مفہوم ہر نوع کے جہاد کو شامل ہے(۱)۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۰/ ۵/ ۸۵ھ۔

ایک حدیث کا مطلب

سوال [۱۰۰۰۱]: اس حدیث شریف کا کیا مطلب ہے؟

"قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یوم فتح مکۃ: لا تغزی بعد الیوم ولکن جہاد ونیۃ"(۲)۔

= علیہ وسلم في الجہاد، رقم: ۲۰۰۴، ۲/ ۲۰۲، دار الفکر)

"وشرعا صار قوۃ في قتال الکفار، ویطلق بمعنی مجاہدۃ النفس والشیطان والفساق فالمجاہدۃ التي فعلی تعلم أمور الدین، ثم عمل بہا، ثم علی تعلیمہا، وأما مجاہدۃ المبتدعۃ فعلی دفع ما یأتي بہ من الشبہات، وما یزینہ من الشہوات، وأما مجاہدۃ الکفار فتقع بالید، والمال، واللسان والقلب وأما مجاہدۃ الفساق فبالید، ثم باللسان، ثم بالقلب" (فتح الباري، کتاب الجہاد والسیر، ۶/ ۳، قدیمي)

(وکذا في مدی المجہود، کتاب الجہاد، ۲/ ۲۲۴، إمدادیہ)

(۱) "أن الجہاد لا یختص بمباشرۃ القتال، وإنما ہو کل جہد یبذل في سبیل إعلاء کلمۃ اللہ وکسر شوکۃ الکفر والکفار، سواء کان بالسلاح، أو بالمال، أو بالعمل، أو بالقلم، أو باللسان" (تکملۃ فتح الملہم، کتاب الجہاد، ۳/ ۳، دار العلوم کراچی)

(وکذا في بدائع الصنائع، کتاب السیر، ۶/ ۹۷، دار الکتب العلمیہ بیروت)

(وکذا في بذل المجہود، کتاب الجہاد، ۲/ ۹۲، إمدادیہ)

(۲) یہاں ظاہر وہ سبب کی نفی معلوم ہوتی ہے، حالانکہ بعض احادیث میں اس کے سوا دوسرے اسباب کی بھی اجازت معلوم ہوتی ہے، اس کا جواب یہ ہے کہ

"إن ہذا الحدیث خرج جوابا عما قال یوم الفتح، وإنما أحلت لي ساعۃ من نہار" (صحیح البخاري، کتاب اللقطۃ، باب لا یحل لقطۃ مکۃ إلا لمنشد، رقم: ۲۲۰۱، ۱/ ۳۲۰، دار الکتب العلمیۃ بیروت)

(وفي السنن الکبری للنسائي، مناسک الحج، تحریم القتال فیہ، رقم: ۲۸۵۹، ۵/ ۲۲۱، المعرفۃ بیروت)

www.ahlehaq.org

حدیث پاک میں لفظ "غربا" آیا ہے اس کے تحت میں صحیح راجح کیا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اس حدیث کا حوالہ نہیں دیا گیا کہ کس کتاب اور کس باب میں ہے، فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

"الإسلام بدأ غريباً"

سوال (۱۰۰۶۸): "الإسلام بدأ غريباً" کا کیا مطلب ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اسلام کی جانی ہوئی باتیں، اخلاق، اعمال، عبادات کو جس طرح لوگوں نے پہلے اجنبی سمجھا اور تعجب اور انکار کی نظروں سے دیکھا، اسی طرح بعد میں بھی لوگ اجنبی سمجھیں گے اور تعجب و انکار کی نظروں سے دیکھیں گے، اس پر فرمایا گیا ہے(۱)۔

"فطوبى يومئذ للغرباء" قال: الذين يصلحون عند فساد الناس". (۲) واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۲۹/۱/۸۵ھ۔

---

(۱) رواه الخطيب البغدادي، كتاب الحرية والمراقبة، (رقم: ۳۱۱۹، عن ۳۵۱، دار السلام، الرياض)

ورواه الإمام أحمد بن حنبل، مسند عبد الله بن عباس رضي الله تعالى عنه، رقم ۲۳۵۳، ۱: ۲۸۰، عالم الكتب، بيروت)

(۲) مرقاة المفاتيح، كتاب الإيمان، باب الاعتصام بالكتاب والسنة، ۱: ۳۹۱، رشيديه)

وكذا في فتح الملهم، كتاب الإيمان، باب بيان أن الإسلام بدأ غريباً وسيعود غريباً، ۱: ۲۹۹، رشيديه)

وكذا في تحفة الأحوذي على هامش الترمذي، كتاب الإيمان، باب ما جاء أن الإسلام بدأ غريباً وسيعود غريباً، ۳: ۲۳۳، المكتبة القديمة، ملتان)

(۳) رواه الترمذي، كتاب الإيمان، رقم الحديث: ۲۶۲۹، ۳: ۲۶۹، دار الكتب العلمية، بيروت)

ورواه ابن ماجه، كتاب الفتن، رقم الحديث: ۳۹۸۸، ۵: ۲۶۹، دار الجيل)

ورواه مسلم، كتاب الإيمان، (۱۴۱، قديمي)

حضرت شمس تبریز کی پیدائش سے متعلق ایک بے سند واقعہ

سوال [۴۰۰۹] : زید نے ایک کتاب میں پڑھا ہے کہ حضرت شمس تبریز رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ جب پیدا ہوئے تھے تو حضور ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو بلوایا تھا، اس کے بعد میں پڑھا ہے کہ ان کے جسم پر کچھ بال تھے، جو بچپن ہی میں ختم ہو گئے تھے، آپ سے فرمایا گیا کہ دنیا میں تمہاری شہرت ہوگی، اس میں ہے کہ ان کا ختنہ نہیں ہوا تھا، انہوں نے ایمان پر اس حالت میں ایک دوسری شہرت ہوگی تھی، اس میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کی بیٹی کا نکاح ہوا تھا، ان کا ختنہ ہوا تھا، ان کا معمول قرار پایا، ان کا ختنہ نہیں ہوا تھا، ان کا ختنہ ہوا تھا، ان کا ختنہ ہوا تھا، ان کا ختنہ

تو حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے آنکھ میں انگوٹھی دیکھی، جو انگوٹھی ساتویں آسمان پر دیکھی تھی، تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، یہ انگوٹھی کس کی ہے؟ اس وقت حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ یہ انگوٹھی آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ہے، لکھنے کا مطلب یہ ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی کھانے میں شریک تھے۔

آیا یہ مطلب صحیح ہے یا نہیں تو ایسے پیر مشائخ جو ایک خدا داد بزرگ تھے، ان کے لکھنے کا مطلب کیا ہو سکتا ہے؟ تحقیق مطلوب ہے۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

یہ روایت اردو، فارسی، عربی کی کسی کتاب میں نہیں دیکھی، بے سند بات کو حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف منسوب کرنا ہرگز جائز نہیں، سخت معصیت ہے(۱)۔ یہ معراج نامہ میں نے نہیں دیکھا، نہ ان بزرگ سے واقف ہوں، اس قصہ کا غلط اور ثبوت کے خلاف ہونا ظاہر ہے، بعض آدمی کتاب لکھ کر کسی بزرگ کی طرف منسوب کر دیتے ہیں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۲/۱۰/۹۳ھ۔

☆.....☆.....☆.....☆.....☆

---

(۱) "قال رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم: "من كذب علي متعمدا فليتبوأ مقعده من النار". (صحيح مسلم، مقدمة الكتاب، باب تغليظ الكذب على رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم، ص: ۸، دار السلام)

(وصحيح البخاري، كتاب العلم، باب إثم من كذب على النبي صلى الله تعالى عليه وسلم، ص: ۳۴، دار السلام)

(وسنن ابن ماجة، كتاب السنة، باب التغليظ في تعمد الكذب على رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم: ۱/ ۱۳، دار الجيل)

باب الكتب المعتمدة وغيرها

(معتبر اور غیر معتبر کتب کا بیان)

بخاری ومسلم کی شروح کا حال

سوال [۱۰۰۱۱]: ایک عالم صحیح مسلم شریف کی شرح کرتے ہیں تو دریافت طلب امر یہ ہے کہ امام نووی رحمہ اللہ تعالیٰ کی شرح معتبر ہے یا نہیں اور ایسے علماء پر کیا حکم عائد ہوتا ہے؟ نیز جیسے فتح الباری بخاری، مرقات، اشعۃ اللمعات، یہ سب معتبر ہیں یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلياً:

امام نووی رحمہ اللہ تعالیٰ بہت بڑے امام ہیں، انہوں نے مسلم شریف کی شرح کی ہے اور بھی متعدد کتابیں لکھی ہیں، بلکہ یہ کہنا امر شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ نے مذہب کے محقق ومنقح ہیں، شرح حدیث اور تراجم وتعلیل میں ان کا قول معتبر ہے، مگر نہ سب وہ غلطی ہیں۔ اس لئے فقہ میں ان کا قول مفتی بہ نہیں ہوتا ہے (۱)، فتح الباری بھی معتبر کتاب ہے، اس کا حال بھی ایسا ہی ہے (۲)۔ عینی (۳)، مرقات (۴)، اشعۃ اللمعات (۵) یہ

---

(۱) انه اعتنى بالتصنيف، فجمع شيئا كثيرا، منها ما أكمله، ومنها ما لم يكمله، فمما كمل شرح مسلم، والروضة، والمنهاج، والرياض، والأذكار، والتبيان، وتحرير التنبيه وتصحيحه، وتهذيب الأسماء، واللغات، وطبقات الفقهاء وغير ذلك، ومما لم يتممه ولو كمل لم يكن له نظير في بابه: شرح المهذب الذي سماه المحرر، وصل فيه إلى كتاب الربا، وشرح الفقه في المذهب وغيره وشرح الحديث على ما يليق، والتهذيب، واللغة وأسماء مهمة لا توجد إلا فيه الخ: البداية والنهاية، السنة السادسة والستين وستمائة، الشيخ محيي الدين النووي ج ۱۳، ص ۳۲۳، حقانيه پشاور)

(۲) فتح الباري شرح صحيح البخاري للإمام الحافظ أحمد بن علي بن حجر العسقلاني (۷۷۳ھ - ۸۵۲ھ)

(۳) عمدة القاري شرح صحيح البخاري للإمام العلامة بدر الدين أبي محمد محمود بن أحمد العيني -

تینوں کتابیں حنفیہ کی ہیں اور معتبر ہیں، ان کو غیر معتبر قرار دینا مذہب اور شرح سے عدم واقفیت کی بناء پر ہوسکتا ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲/۶/۸۷ھ۔

کتاب "صلوۃ وسلام کا ثبوت" کا تجزیہ

سوال[۱۰۷۵۰]: ایک کتاب (صلوۃ وسلام کا ثبوت) کا اس مقام میں سلسلہ اشاعت بڑھتا ہی جارہا ہے، جس سے اہل بدعت کو کچھ نہ کچھ تقویت ہی ہوتی جارہی ہے، بایں وجہ اگر حضرت اقدس اس کتاب کا جواب عنایت فرمادیں، تو اس کی یہاں اشاعت کے لئے کوشش کی جائے۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

کتاب "صلوۃ وسلام کا ثبوت" پوری پڑھی، ماشاء اللہ عقل وفہم سے مالا مال ہے، مسئلہ تو یہ تھا کہ نماز کے بعد اجتماعت بنا کر باتوجہ صلوۃ سلام پڑھنے کا ثبوت آثار شرعیہ سے ہے یا نہیں؟ اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم ائمہ مجتہدین، محدثین عظام، اولیائے ذوی الاحترام رحمہم اللہ تعالیٰ سے منقول ہے یا نہیں؟ مصنف دام فضلہ نے اس کے لئے کوئی عبارت نہیں پیش کی ہے، غیر متعلق مسائل کے لئے عبارت جمع کردی ہیں، لیکن جو اصلی چیز تھی، اس کے لئے ایک عبارت بھی نہیں پیش کرسکے، بے سروسامانی کے عالم میں مجبوراً لکھنا پڑا "اللہ اکبر! آج مسلمان کہنے والوں کا یہ حال کہ چند مسلمان بعد نماز فجر صلوۃ وسلام کہنے کو اپنا شعار بنالیں، تو اس پر شور برپا کیا جائے کیا ایمان والے ایسا کرسکتے؟ نہیں! ہرگز نہیں، ص:۳۳"۔

مصنف کا یہ آخری حربہ ہے، نفس صلوۃ سلام کے متعلق کس مسلمان کو انکار ہے؟! اس کی فضیلت اور اس کے ثبوت کا کوئی منکر نہیں، دیکھو! حضرت حکیم الامت اشرف علی تھانوی نور اللہ مرقدہ کی تصنیف، کس شان کے ساتھ فضائل درود شریف کو بیان فرمایا ہے اور کتنی آیات وروایات کو جمع کردیا ہے، دیدۂ دل اس سے روشن

= المتوفی سنۃ ۸۵۵ھ)

(۱) (مرقاۃ المفاتیح شرح مشکاۃ المصابیح للعلامۃ المرحوم برحمۃ الباری علی بن سلطان محمد القاری، ۳/۹۳۰-۱۰۱۴ ط)

(۲) (اشعۃ اللمعات شرح مشکاۃ للشیخ عبدالحق محدث الدھلوی، المتوفی ۱۰۵۲ھ - ۱۰۵۲ھ)

ہوجاتے ہیں، نیز حضرت مولانا محمد زکریا صاحب مہاجر مدنی شیخ الحدیث کی تصنیف، نیز علامہ شامی، علامہ نووی، ملاعلی قاری وغیرہم رحمۃ اللہ علیہم نے اس مسئلے کو بڑی وضاحت کے ساتھ تحریر فرمایا ہے۔

اب انہیں چیزوں کو نقل کرکے لکھنا مصنف علام کے لئے مفید نہیں، جب تک نقلی ثبوت پیش نہ کریں، شعار تو وہ ہے جس کو شریعت نے شعار قرار دیا ہو، جب کہ اصل مسئلہ قرآن کریم اور حدیث شریف میں موجود ہے تو اس کے متعلق اور خود کسی خاص چیز کو شعار بنانے کا حق کہاں ہے؟ حضرت سید الاولین والآخرین امام الانبیاء والمرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ذات مقدسہ کے ساتھ نیز صحابہ کرام رضی اللہ عنہم مجتہدین، محدثین عظام، اولیاء، زہاد کے احترام رحمہم اللہ تعالیٰ کو تھی محبت نہیں تھی؟ کیا وہ عشق میں سرشار نہیں تھے؟ وہ تو ایسے سرشار تھے کہ اپنی زندگی کا ایک ایک گوشہ سنت سے معمور کیا اور چاردانگ عالم میں سنت کی اشاعت کی، اس کی خاطر دنیوی تاسیس پر لات مار دی، ماں، خاندان سے بے تعلق ہونے کی نوبت آئی، وطن چھوڑنا پڑا، کیا ان کی پوری زندگی سنت کے مطابق ہوجانے پر انہوں نے یہ صورت اختیار نہیں فرمائی، جس کو مصنف علام شعار بنارہے ہیں اور شعار بنانے کی دعوت دے رہے ہیں۔

غیر شعار کو شعار بنانا کس دلیل سے ثابت ہے؟ سماع تو اب اس سے خالی ہے، اس ہیئت اجتماعیہ کے ساتھ یا آواز بلند پڑھنے سے دوسروں کی نماز وغیرہ میں کیا اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ وہ تو خود مصنف کو معلوم ہے، فقہی مسئلہ مسلم ہے کہ جس طرح دوسرا کوئی اپنے کام میں مشغول ہو، مثلاً قرآن کریم کی تلاوت، نماز وغیرہ میں، تو وہاں پر آواز بلند قرآن کریم پڑھنا منع ہے، جیسا کہ فتاویٰ عالمگیری (۱)، شامی (۲) وغیرہ میں موجود ہے، تو صلوٰۃ وسلام پر آواز بلند پڑھنے کی کہاں اجازت ہوگی؟ نیز روضۂ اقدس پر حاضر ہوکر جو کچھ صلوٰۃ وسلام پڑھ جائے، اس کو شخص نفیس حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سنتے ہیں اور جو دور سے پڑھا جائے، وہ بواسطہ

---

(۱) "لا يقرأ عند المشتغل بالأعمال، ومن جملة القرآن أن لا يقرأ في الأسواق، وفي موضع للعوّاد في القبة" (الفتاوى الهندية، كتاب الكراهية، الباب الرابع في الصلاة والتسبيح وقراءة القرآن، ۵: ۳۱۶، رشيديه)

(۲) "يجب على القارئ حتى لا يأثم أن لا يقرأ في الأسواق ومواضع الاشتغال، فلذا قراءة فيها كان هو المضيع لحرمة، فيكون الإثم عليه دون أهل الاشتغال دفعاً للحرج" (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، فصل في القراءة، مطلب: الاستماع تفرض فرض كفاية ۲: ۵۴۶، سعيد)

بالکنت الخنثیٰ کی روایت میں ہے کہ ابن ابی ملیکہ نے کہا میں نے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے سنا وہ فرماتے تھے (۱) اگر میں کسی کو سنگسار کرنے والا ہوتا تو اس عورت کو سنگسار کرتا جو بغیر نکاح کے اپنے آپ کو پیش کرے۔

ذات اقدس پر جہاں سے بھی آنکھ پڑتا ہے سلام
اس سے وہ پوچھتے ہیں قدمت میں عائشہ من این
جاتے آتے پڑھے جو اس کو وہ بنتے ہیں نور
ہے یہ عادت اس پہ شہ ہیں ہدایت طین

مزید تفصیل کے لئے فقہاء کرام رحمہم اللہ تعالیٰ اور شروح حدیث خصوصاً ملا علی قاری رحمہ اللہ تعالیٰ کی مرقات شرح مشکوٰۃ کا مطالعہ کافی ہے۔ اس قدر بھی بہت غنیمت ہے کہ آج کل کے مدعیان علم حدیث میں سے کسی کو یہ توفیق نہیں ہوئی کہ وہ اس کتاب کی تدریس کے لئے آگے آتا۔ ہاں یہ کافی ہے کہ اس مسئلہ کے لئے کوئی دلیل پیش نہیں کی جا سکی۔ صاحبین نے خلاف فرمایا ہے کہ اس کی سزا وہی ہے جو شوہر والے کی ہے۔ جمہور کا مذہب ہے کہ اس کی سزا حد ہے۔ صحیحین کی روایت میں ہے:

[illegible] (صحیح: ۶۸۲۷)

[illegible] ۲۰۱ نور

---

(۱) لاشک نے، اور یہ روایت عمر بن احمد کی نے بھی کی ہے۔ ابو عوانہ، ابو ملیکہ، ابن عباس رضی اللہ عنہما سے۔ (ابن ماجہ)

ب

عن ابی هریرة رضی الله تعالیٰ عنه قال قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم من صلی علی عند قبری سمعته ومن صلی علی نائیا بلغته۔ (شعب الایمان للبیهقی، باب فی تعظیم النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم وتوقیره، رقم الحدیث ۱۶۱۲، دار الکتب العلمیة بیروت)

(مشکوٰۃ المصابیح، کتاب الصلاۃ، باب الصلاۃ علی النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم وفضلها، الفصل الثانی ۸۶، قدیمی)

(۲) مشکوٰۃ المصابیح، کتاب الایمان، باب الاعتصام بالکتاب والسنة، الفصل الاول ۲۷، قدیمی)

(صحیح البخاری، کتاب الصحیح، باب ما یذکر من ذم الرای وتکلف القیاس، مرکز الدراسات الاسلامیة ۳۴۰۲، رحمانیه)

(سنن ابی داؤد، کتاب السنة، باب فی لزوم السنة ۳۹۹۲، رحمانیه)

تفہیم القرآن کا حال

سوال [۱۰۰۷۲]: تفہیم القرآن میں کس کس جگہ اختلاف ہے اور یہ اختلاف کس کس قسم کا ہے؟ برائے مہربانی تحریر کیجئے۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

تفہیم القرآن میرے پاس نہیں ہے، بغیر اس کو سامنے رکھے تفصیلی جواب نہیں لکھا جا سکتا۔ اور سب جو پہلے سب سے زیادہ اہمیت رکھتا ہے، وہ یہ ہے کہ اگر کتاب کہیں سے حاصل بھی کی جائے، تو جواب کے لئے ہر چیز کے متعلق پوری بحث کی ضرورت ہوگی کہ یہ تفسیر فلاں حدیث کے خلاف ہے، اس حدیث کی سند یہ ہے، اس سند میں فلاں فلاں راوی ہیں، اس راوی کے متعلق فلاں فلاں محدث نے ایسا ایسا کلام کیا ہے۔ اور یہ کلام فلاں فلاں کتاب میں موجود ہے اور سید ابوالاعلیٰ مودودی صاحب نے فلاں حدیث سے استدلال کیا ہے۔ اور وہ حدیث محدثین کے نزدیک ایسی ہے کہ وہ فلاں حدیث سے متعارض ہے اور تعارض کے رفع کی یہ صورت ہے کہ وہ راجح اور وہ مرجوح ہے اور وجہ ترجیح یہ ہے، یا فلاں ناسخ ہے اور فلاں منسوخ ہے اور نسخ کی دلیل فلاں صحابی کی حدیث ہے، اس لئے کہ وہ متاخر الاسلام ہیں، یا فلاں آیت کی تفسیر خود فلاں آیت کے خلاف ہے، یا فلاں صحابی کے اثر کے خلاف ہے یا اجماع کے خلاف ہے یا فلاں آیت کی تفسیر بالکل سے۔ خود ہے اور بالکل تحریف شدہ ہے، پھر یہ کہ اس کی تحریف لفظی و معنوی ہے یا صرف لفظی ہے، یا صرف معنوی ہے۔

غرض یہ بہت بڑا بحر ہے، اگر کوئی شخص علم تفسیر، شرح غریب، استنباط، جرح وتعدیل، تطبیق، رفع تعارض، ناسخ منسوخ وغیرہ علوم سے واقف ہو تو اس کے لئے مختصر جواب بلکہ اشارہ بھی کافی ہوتا، جیسے قانونی دفعات کی بحث کا حال ہوتا ہے کہ وکیل، بیرسٹر، جج وغیرہ کو اس کا سمجھنا سہل ہوتا ہے، لیکن اگر کوئی قانون سے ناواقف ہو، اگرچہ بہت بڑا ڈاکٹر، انجینئر، طبیب، قاری، حافظ ہو، مگر قانونی دفعات کا بالتفصیل اس کو سمجھانا دشوار ہوتا ہے، اب تک اس کا کوئی حل سامنے نہیں آیا۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۶/۳/۸۶ھ۔

ایک کتاب کے متعلق لاعلمی

سوال [۱۰۰۷۳]: دارالاشاعت دیوبند سے ایک کتاب فتاویٰ محمودیہ شائع ہوئی تھی، اس پر

۳۴۷ حاشا عنہ ہے اپنی جگہ یا کہ ان میں طعن دینی اور کس طرح ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اس کی تحقیق نہیں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین عفی عنہ۔

کتاب "جلوۂ طور" کا پڑھنا

سوال[۱۰۰۷۵]: مولانا محمد اسحاق دہلوی کی تصنیف "جلوۂ طور" دینی پڑھنا کیسا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

میں نے یہ کتاب دیکھی نہیں، بغیر دیکھے کوئی رائے کیسے قائم کی جاسکے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

شبلی نعمانی کی کتاب "سیرۃ النبی" کا مطالعہ

سوال[۱۰۰۷۶]: حضرت قاضی رحمہ اللہ تعالیٰ کی تصنیف اشرف الجواب کے حصہ چہارم کے ص ۲۳ پر عنوان "قاضی سلیمان منصور پوری نے لاطائی ہونے سے" میں کتاب "سیرت النبی" مصنفہ مولوی شبلی نعمانی جس کی تکمیل مولانا سید سلیمان ندوی صاحب نے فرمائی ہے، اس پر اعتراض کیا گیا ہے[۱]۔ مصنف صاحب پر تنقید کی گئی ہے، اب سوال یہ ہے کہ یہ کتاب ۴ ضخیم جلدوں پر مشتمل ہے اور تقریباً ہر پس موجود ہے، کیا اس کا مطالعہ کیا جاسکتا ہے یا نہیں؟ کیا اس کی سند میں کچھ شک و شبہ ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

کتاب "سیرت النبی" مصنفہ علامہ شبلی نعمانی میں بعض احادیث پر اعتراض کیا گیا ہے، جو کہ غلط ہے، اس نے ۱۹۱۴ء میں ان کی آنکھ اعتراض کی وجہ سے بعض غلطیاں ہیں، اہل حق تو سمجھتے ہیں اور اس پر چھوڑ نہیں چلتا، چونکہ ان کا مقصود اس کتاب سے علمیوں کو جواب دینا ہے، اس لئے جس مضمون کی پوری رعایت نہیں ہوسکتی، سید

---

[۱] (اشرف الجواب، حصہ چہارم، اغلاط مسمیٰ بہ فاضل سلیمانی، ص ۲۰۵ تا ۲۰۶، مکتبہ عمر فاروق)

طلبہ کی تعداد کے سبب سے بعض نے اپنے گھر میں پڑھنا شروع کیا ہے واللہ تعالیٰ اعلم۔

(۱۔۔۔ ۔۔۔ ۔۔۔

وہ وہ صحیح راستہ پر ہے، اتوفی ما تضیق ... واللہ تعالیٰ اعلم۔ فتح القدیر، فتاویٰ عزیزی، القرآن الکریم، شرح نقایہ، یہ سب کتابیں تحقیقیت تحقیقی معتبر اور قابل عمل ہیں۔

ان میں لفظ تحقیق کے سابق سماعل سرح ہیں، حاصل یہ ہے کہ خطاب کے ساتھ ہے، اور ان کتابوں میں کوئی مسئلہ بھول یا غلط ہے، تحت ہونے کی تو اس ... ہے تمام کتابوں کو غیر معتبر نہیں کہا جا سکتا، جس ان کتابوں کو معتبر مانتا ہے اس کی عبارت نقل ... فتوی جو ... پڑھا اس کا عالم کہا گیا ہے تو وہ اپنی بات کی جواب تحقیق بیان کرے ... اس کی بات پر عمل کرنے میں بھی ... واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲ ۸ ۸ھ۔

رسالہ آستانہ پڑھنا

سوال [۹۰۱۰۰]: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ میں کہ رسالہ آستانہ پڑھنا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

رسالہ مذکورہ میں صحیح اور غلط دونوں قسم کی باتیں ہیں، اس وجہ سے اس رسالہ کا پڑھنا صحیح نہیں، اکثر رسالہ کا ایسا ہی حال ہے اور گمراہ کرنے والے صحیح اور غلط میں فرق نہیں کر سکتے اس لئے ایسے لوگوں کو اشارات و رسائل دیکھنے میں بڑی احتیاط کی ضرورت ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفی عنہ

الجواب صحیح: احقر الناس عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، سید مہدی حسن غفرلہ، ۱۶/۴/۹۶ھ۔

---

(۱) ... اللواحت عنی الخاص الاستفتاء عن الخاص لا لعمل مقرر (الاختیار لتعلیل المختار، کتاب الحدیث، فصل یکون مسنوحہ وقد یکون ظاہرہ ومتروکہ ... بدائع الصنائع، کتاب الصوم، باب شہد الصوم مع الکفارۃ ۲/۵۰۰، رشیدیہ)

(وکذا فی تفسیر الحقائق، کتاب الصوم، فصل فی العوارض ۱/۳۲۳، امدادیہ)

(وکذا فی فتح القدیر، کتاب الصوم، باب ما یوجب القضاء والکفارۃ، فی رجل فعل فعلا ان جامع ۲/۲۹۲، رشیدیہ)

باب في تذكرة الرجال

(رجال کا بیان)

محمد عبدالوہاب نجدی

www.ahlehaq.org

ہیں، بلکہ یہ فعل دوسرے ایک فعل اور دین میں اختلاف ہے (۱) اس سے تو یہ بات کہاں سے آگئی ہے کہ علماء دیوبند کے نزدیک وہابی اور اہلحدیث ایک ہیں اور ایک کو دوسرا کہہ دینے میں معاملہ صاف ہوجاتا ہے، حق کیسے ہوگا ہے کہ حق ہوتا تو علماء دیوبند کی یہ طرز کیسے ہوتی، اب رہی بات وہابی اور اہلحدیث میں فاصلہ یا تداخل (۲) تو آپ کی نظر میں جو بات صحیح ہے اس کو تحقیق فرمائیں اور ایک رسالہ میں لکھا کہ محمد بن عبدالوہاب نجدی کے متبعین ہی وہابی کہتے ہیں، ان کے عقائد مذموم تھے اور مذہب ان کا حنبلی تھا، ابتداء ان کے زمانہ میں شدت تھی، کفر و اکفار کی متعدد بحثیں اٹھتی تھیں، یہ بھی نہ چلتا ہے کہ وہ کس امام کو مانتے (۳)۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

بعض لوگوں نے محمد بن عبدالوہاب سے ملاقات نہیں کی بعض نے ان کی بعض تحریریں دیکھ کر یا سن کر موقف لیا، اس سے تعلق نہ اب اہلحدیث مسلمان سے ایک قدم بھی کہنا چاہئے اور نہ ایسے لوگوں کے لئے کسی وکیل کی ضرورت ہے (۴) البتہ مخلوط مجالس سے ایسے پروگرام کی تبلیل نہ ہو اس نے تنبیہ میں احتیاطی احتیاط کی ضرورت ہے۔

"کفر لکلام والفعل من یکفیر مسلم" الخ (۵)۔

---

(۱) (الہیئۃ علی السنۃ علی علماء علماء فی مسئلۃ دیوبند، جواب السؤال الثانی عشر، ص: ۳۰، ۳۱، احسان لاہور)

(۲) (فتاوی رشیدیہ، مسائل متفرقہ، باب عقائد، ص: ۵۵۱، سعید)

(۳) قال اللہ تعالیٰ: ﴿یا أیہا الذین آمنوا اجتنبوا کثیرا من الظن إن بعض الظن إثم ولا تجسسوا﴾ (الحجرات: ۱۲)

"وروینا عن أمیر المؤمنین عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ أنہ قال: ولا یظن بکلمۃ خرجت من أخیک المؤمن الا خیرا، وأنت تجد لہا فی الخیر محملا" (تفسیر ابن کثیر، الحجرات، ۱۲، ۴، ۲۰۰، دار السلام)

"أخرج البیہقی فی شعب الإیمان عن سعید بن المسیب، قال: کتب إلی بعض إخوانی من أصحاب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم أن ضع أمر أخیک علی أحسنہ ما لم یأتک ما یغلبک" (روح المعانی، الحجرات: ۱۲، ۲۶، ۱۵۹، دار احیاء التراث العربی بیروت)

(۴) (أن السنۃ المتعلقۃ بالکفر إذا کان لہا تسع وتسعون احتمالا لکفر، واحتمال واحد فی عدم =

محمد بن عبدالوہاب سے متعلق متعدد کتابیں لکھی گئی ہیں، جس کو جیسا مناسب سمجھا لکھ دیا۔ اب اس بحث کی ضرورت بھی کیا ہے؟ اس کے گروہ میں بھی بعض لوگ متشدد ہیں، بعض نرم ہیں، سب پر تکفیر کا حکم نہیں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

الجواب صحیح وفقہ اللہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۸/ ۵/ ۱۴۰۰ھ۔

سید قطب اور اخوان المسلمین

سوال [۱۰۰۸۱]: اخوان المسلمین اور سید قطب شہید کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اخوان المسلمین اور سید قطب شہید سے اصلاحی قدم اٹھانا حکومت وقت نے برداشت نہیں کیا، اس اصلاح کا تفصیلی نظام میرے سامنے نہیں کہ اس کے متعلق لکھ سکوں، کہ کس قدر وہ کتاب وسنت کے مطابق تھا۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۴/ ۵/ ۱۴۰۰ھ

شاہ ابن مسعود وشاہ فیصل کے عقائد

سوال [۱۰۰۸۲]: شاہ ابن مسعود اور شاہ فیصل کے عقائد وہی تھے، جو محمد الوہاب نجدی کے تھے، آپ

– قال الأرکلي للمعتبي والقاضي أن يعمل بالاحتمال الثاني، لأن الخطأ في إبقاء ألف كافر أهون من الخطأ في إفناء مسلم واحد". (شرح الفقه الأكبر للملا على القاري، ص: ۱۲۳، قديمي)

وعنها إذا كان في المسألة وجوه توجه وجه واحد يمنعه يعمل العالم بما يمنع من الكفر، ولا يرجح الوجوه على الوجه؛ لأن الترجيح لايقع بكثرة الأدلة، ولاحتمال أنه أراد الوجه الذي لايوجب التكفير" (الفتاوى البزازية على هامش الفتاوى الهندية، كتاب القاضي تكون إسلاماً ۶: ۳۴۱، رشيديه)

"المسايرة: ما في المحيط من باب المرتد نقلاً عن فتاوى الصغرى، الكفر شيء عظيم، فلا أحمل المسلم من كلامه إلا على وجه لا يكفر، ثم قال: والذي تحرر أنه لا يفتى بكفر مسلم أمكن حمل كلامه على محمل حسن، أو كان في كفره اختلاف، ولو رواية ضعيفة" (شرح عقود رسم المفتي، الرواية التي تحرر بها من تكفير مسلم الخ، ص: ۱۳۶، دار الكتاب)

حکم ہے؟ اس کے بارے میں تحقیق کیا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

میں نے ان کے مقالہ کو کسی کتاب میں دیکھے، نہ کبھی زبانی تحقیق کی نوبت آئی۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

☆ ☆ ☆ ☆

www.ahlehaq.org

باب الفلکیات

(فلکیات کا بیان)

چاند پر پہنچنے والوں کی تکذیب کی جائے یا تصدیق؟

سوال [۱۰۹۲] : آج کل چند روز سے امریکہ نے امریکہ کے باشندوں کو چاند پر بھیجا ہے اور وہاں سے کئی قسم کی چیزیں لائے ہیں اور بہت سے اخبارات نے مختلف روایات میں اس کی طرف سے یہ شائع کیا ہے اور ریڈیو سے بھی یہ خبر نشر کی گئی ہے کہ امریکہ نے چاند پر جاکر اللہ تعالیٰ کے وجود کا انکار کیا ہے اور یہ ثابت کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کا وجود نہیں ہے، اس سے عام لوگوں کو بہت تشویش ہوئی ہے، اس کے متعلق شرعی حکم کیا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

امریکہ والوں کے بارے میں آپ نے جو سنا ہے یہ غلط ہے، ایسا کچھ نہیں ہوا، یہ خبر کس نے دی ہے؟ کوئی اخبار ہو یا ریڈیو ہو، کسی نے بھی یہ خبر نہیں دی ہے، البتہ اخبارات میں یہ شائع ہوا ہے کہ امریکہ والوں نے چاند پر پہنچنے کا دعویٰ کیا ہے اور وہاں سے کچھ چیزیں لائے ہیں، اس کی تحقیق نہیں کی گئی ہے کہ وہ چیزیں کیا ہیں، اس لئے ہم نے اس کی تصدیق بھی نہیں کی ہے اور تکذیب بھی نہیں کی ہے، اس لئے ہم نے اس کو شائع نہیں کیا ہے، اس کی تصدیق اور تکذیب کی ہم کو ضرورت نہیں

کرنے کتنی ہی شہرت ہوتی ہے۔ آپ کیا سمجھتے ہیں؟ ہم جاہلوں سے تو اب لوگ طب کرتے ہیں اور جانتے ہیں اور ہم یقین کی باتیں یا کامل وہابی اب لوگ سے نکلے دیتے ہیں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

تمت۔ کتبہ محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۷ ۳ھ۔

دعدار ستارہ

سوال [۱۰۰۱۲]: آج کل یہاں پر شہر نے تمبن پیدا کر رکھا ہے۔ ہر ایک اپنا اپنا ستارہ بتاتا ہے۔ کوئی کہتا ہے کہ میرا ستارہ شمال کی جانب نکلتا ہے اور اب مشرق کی جانب نکلتا ہے اس نے بارے میں حرام میں بہت سی باتیں مشہور ہو رہی ہیں۔ دراصل ستارہ کیا چیز ہے؟ اور اس نے بارے میں شرعاً کوئی چیز ثابت ہے یا نہیں؟ اور اس ستارے کی ٹوٹی پھوٹی پیشین گوئیوں کے بارے میں عوام کے قیاسات پر یقین کیا جا سکتا ہے یا نہیں؟ اور کہاں تک یقین کیا جا سکتا ہے؟ کس حد تک؟ بالتفصیل جواب سے مطلع فرمائیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

[illegible] حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی حدیث کو لے مرفوعاً منقول ہے کہ جب فلاں فلاں کام ہونے لگیں تو [illegible] روشن ہو (۱)، اس کا حاصل یہ ہے کہ جہالت میں انہماک زیادہ ہو جائے، معاصی کی شہرت ہو جائے، جو اللہ تعالیٰ کو ناپسند ہیں، تو اس وقت ان قسم کی نشانیاں ظاہر ہوتی ہیں، جن سے مقصد مخلوق کو خدا تعالیٰ کی طاعات کی طرف توجہ دلانا ہے، تاکہ معاصی کم ہوں۔ مگر خلاص پیدا کرنیوالا اور یہ علم ہے کہ عادت ایسی آسمانی گڑبڑوں کو آج کل ذرا ذرا بات پر جوڑ لیتے ہوتے ہیں۔ کیونکہ ایسی تحقیقات کی جاتی ہے اور عبرت حاصل کرنے اس کی طرف توجہ نہیں کی جاتی ہے

فقط۔ ستارہ جو ہوتا ہے تو اکثر مختلف قسم کے ہوتے ہیں، کبھی وہ ستارہ یا ہالہ کبھی دھوئیں کی شکل میں بھی ہوتے ہیں، واللہ تعالیٰ اعلم۔ حررہ العبد محمد عفی عنہ از مقام شاہجہانپور، ۱۵ ۳ھ۔

---

(۱) [illegible] طیبر کو کف لہ [illegible] عن ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم [illegible] مسلمان اذا کثر فیہم سوء کف ہو [illegible] والاعلان بالمعاصی وشرب الخمر [illegible] والغناء رئی وسمعہ [illegible] ذلک یظہر بعضہم لبعض [illegible] ولا یتناہون فاشعر اللہ عند ذلک ریحا وصیہا [illegible] ویکون [illegible] عن نفسہ [illegible] الکف [illegible]

اللہ تعالیٰ نے زمانہ حال کے مخترعات کے متعلق کچھ نہیں بتایا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند۔

چاند کی خبریں

سوال [۱۰۰۹۵]: چاند پر جانے والے سائنس دانوں کی خبریں ریڈیو اور اخباروں میں شائع ہوتی رہتی ہیں یہ کہ "وہ چاند سے مٹی لائے، پتھر لائے اور چاند کو ہمارا گھر بتاتے ہیں اور وہاں پہاڑ وغیرہ کی نسبت بھی ہیں"۔ کیا یہ خبریں صحیح ہیں اور ان کی قرآن وحدیث میں کوئی تصدیق ملتی ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جب اور بہت سی خبریں کاذب ثابت کی جاتی ہیں، اسی طرح یہ خبریں بھی ہیں، اگر یہ بھی صحیح ہو جائیں تو قرآن وحدیث کی اس سے مخالفت لازم نہیں آتی، ہو سکتا ہے کہ صحیح نہ ہوں۔ واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۲۹/۹/۹۱ھ۔

الجواب صحیح: احقر محمد نعمان عفی عنہ دارالعلوم دیوبند۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆

باب التبلیغ

(تبلیغ کا بیان)

امر بالمعروف ونہی عن المنکر

سوال[۱۰۰۸۲]: اس زمانہ میں عام رواج خاموش رہنا چپ رہنا ہے، وقت پر بھی اور بے وقت پر بھی ہر جگہ ہر مجلس میں تقریر کرتے رہنا چاہئے، علماء کیوں خاموش ہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا حکم شریعت نے لازم کیا ہے (الفتاویٰ اللہ تعالیٰ اعلم۔

تردد، محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۱/۲/۱۳۲۷ھ

تبلیغی جماعت کی حقیقت

سوال[۱۰۰۸۳]: تبلیغی جماعت کے بارے میں آپ کا کیا خیال ہے؟ اور تبلیغ کن لوگوں کو کرنی چاہئے؟ اور کن لوگوں کو تبلیغ کرنے کا حق ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

دلائل اور براہین سے مزین جواب حضرت مولانا محمد الیاس صاحب کاندھلوی نور اللہ مرقدہ کا تحریر فرمودہ

---

(۱) عن أبي سعيد الخدري رضي الله تعالى عنه، عن النبي صلى الله تعالى عليه وسلم قال: "من رأى منكم منكرا فليغيره بيده، فإن لم يستطع فبلسانه، فإن لم يستطع فبقلبه، وذلك أضعف الإيمان". (صحيح مسلم، كتاب الإيمان، مقدمة باب بيان كون النهي عن المنكر من الإيمان، ص ۵۲، دار السلام)

قال بعض العلماء: الأمر الأول للوجوب، والثاني للندب، والثالث للجواز. (مرقاة المفاتيح، كتاب الآداب، باب الأمر بالمعروف، الفصل الأول: ۹/۹۲۱، رشيديه)

ومشكاة المصابيح، كتاب الآداب، باب الأمر بالمعروف، الفصل الأول، ص ۴۳۶، قديمي)

جو کی حضرت مولانا رشید احمد صاحب محدث گنگوہی قدس سرہ سے بیعت تھے اور ان کے پاس تربیت پائی تھی، پھر ان کے وصال کے بعد حضرت مولانا محمد احمد صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کیا اور ان سے بھی سلاسل رابعہ میں خلافت و اجازت پائی۔

دہلی کے قریب علاقہ میوات ہے، وہاں مسلمانوں کا یہ عالم تھا کہ اکثر مسلمانوں کی تعداد تھی مگر ان کے دلوں پر پڑے تھے، نام ہندوانہ رسم مشرکانہ، نماز سے ناواقف کلمہ سے بھی نا آشنا تھے، ان میں بعد از مولانا الیاس رحمہ اللہ تعالیٰ نے تبلیغ شروع کی اور لوگوں میں شوق پیدا کیا کہ دین سیکھنے کے لئے چلو، چنانچہ بھوے بھرے پتے لے کر ایک چلہ کے لئے ایک جماعت دس دس بارہ بارہ آدمیوں کی نکلی، جس میں ایک شخص ایسا ساتھ کر دیا، جو وضو، نماز، نیت، روزہ، قرآن شریف پڑھا ہوا ہے اور وہ اس جماعت کو تعلیم دیتا اور وضو نماز سکھاتا اور چلہ بھر جا کر وہاں کے لوگوں کی خوشامد کر کے اپنے ساتھ کام میں شامل کرنے کی دعوت دے کر جماعت کو بڑھاتا، چنانچہ اس روز سے شراب اخلاق والحمان سے یہ لوگ بچنے لگے کہ شراب نہیں پی، زنا نہیں کیا، چوری نہیں کی، ڈاکہ نہیں ڈالا، کسی کی غیبت و بدگوئی نہیں کی، کسی نے پوری نماز نہیں پڑھی، کسی نے چھوڑ دی، کسی نے قرآن نہیں پڑھا، جب یہ جماعت واپس آئی تو اپنی بستی سے دوسری جماعت کو تیار کیا، غرض دین سیکھنے کے واسطے نکلنے کا شوق عام ہو گیا، اس سے بہت بڑا فائدہ مسلمانوں کو ہوا اور ہو رہا ہے، اس کا نام تبلیغی کام ہے اور اس کے کرنے والوں کا نام تبلیغی جماعت ہو گیا، یہ اصول پیچھے اس لئے مقرر کر دیئے گئے، جن کے سیکھنے یاد کرنے سے چھ باتوں دین کی طرف رہنمائی ہوتی ہے، تقریر بھی انہیں چھ باتوں کی ہوتی ہے، جو اہل علم ہوں، وہ تفصیل سے تبلیغ تقریر کرتے ہیں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دار العلوم دیوبند۔

تبلیغی جماعت کا کام اور فائدہ

سوال [۴۰۸۱]: ہمارے شہر نظر نگر میں تبلیغی جماعت کا کام ہوا ہے، وہاں پر جب اس جماعت میں جو حضرات کام کرتے ہیں، وہ ہمیں کو اللہ جل جلالہ کا کام کرنے کی صلاح دیتے ہیں:

۱- یہ کہ اپنی زندگی میں چار مہینے اللہ کے راستے میں لگاؤ۔

۴-ایک سال میں ایک بار نماز جنازہ کے لئے جمع ہونا۔

۳-عید میں تین دن اللہ کے گھر میں اکٹھا ہونا۔

۴-ایک وقت مقرر کرکے گھر میں تجلی شباب کی تعلیم ہونی ضروری ہے۔

۵-ایک وقت مقرر کرکے مسجد میں تجلی شباب کی تعلیم ہونی ضروری ہے۔

۶-ایک جلسہ میں ایک روز اپنی قریبی مسجد میں جو اجتماع ہوتا ہے، اس میں بھی ضرور شریک ہوں اور ایک جلسہ میں ہر گزرنے والی مسجد میں اجتماع ہوتا ہے اس میں بھی ضرور شریک ہوں۔

۷-صبح کے وقت نماز فجر پڑھنے کے فوراً بعد اپنے محلہ میں گشت کرے، جس میں دو آدمی کو اس بات کی دعوت دے، ایک آدمی ان تین حضرات یا دو آدمی کا گشت کرنے والوں کے جانے کے بعد اس وقت یہ جماعت مسجد سے روانہ ہوتی ہے، اس وقت یہ جماعت خاص خاص گھروں کو روانہ ہوتی ہے، یہ تمام پروگرام جو کہ ان ملاقات کرنا ہے وہ بھی کرے اور جو دعوت پیش کرنا ہے وہ بھی کرے۔ یہ جماعت کرتے ہیں جس جگہ ملازمت کرتے ہیں وہاں یہ دعوت بھی کرے، جب بھی جانا چاہئے۔ ان تمام باتوں سے ہمارے دوست و احباب کی روحانی زندگی کی تکمیل کی کوشش میں ملاقات کی تکمیل کوشش کریں۔ واللہ تعالیٰ سب کو توفیق عطا فرمائے۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

اللہ تبارک وتعالیٰ نے ہم کو عبادت کے لئے پیدا فرمایا ہے (وما خلقت الجن والانس الا لیعبدون) (۱) تو ہم دنیا کو کمانے کے لئے پیدا نہیں ہوئے، ہم کو آخرت کے لئے پیدا کیا۔

"انما الدنیا لعب ولہو ولکم خلقت للآخرۃ" (۲)

اس کا تقاضا تو یہ ہے کہ ہماری زندگی کا ہر نفس اللہ کی عبادت میں لگا رہے اور فرض کی ادائیگی

---

(۱) الذاریات: ۵۶

(۲) "وقال صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم في بعض خطبہ" الحدیث رواہ ابن مردویہ عن أصل محمد الفقیہ نا أبو بکر بن مردویہ نا محمد بن علي نا أبو بکر بن أصل محمد بن علي نا أبو بکر بن فارس نا أحمد بن علي نا محمد بن یحیی نا أبو عاصم عن عبد اللہ بن عمر رضي اللہ عنہما قال: قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: إن الدنیا لعب ولہو، وإن الدنیا حلقت لکم وأنتم حلقتم للآخرۃ الخ. التحفۃ الاسدادیۃ للمقبلي بشرح جواہر العقود المدنیۃ، کتاب ذو الدنیۃ، بیان ذو الدنیا ۲/۶۹۰، دار الکتب العلمیۃ بیروت۔

عبادت کے لئے استعمال کیا جائے، جس چیز کے استعمال سے منع کردیا گیا ہے، اس سے پورا پرہیز کیا جائے، مگر افسوس کہ ہمارا موجودہ زندگی اس کے بالکل برعکس ہے، ہمارے سامنے انتہائی دنیا دوستی، ساری زندگی دنیا کمانے میں اور دنیائی چیزوں کے حاصل کرنے میں صرف ہورہی ہے، آخرت کی طرف سے پوری غفلت ہے، زندگی کے اس رخ کو بدلنے کے لئے تبلیغی جماعت نے یہ نظام تجویز کیا ہے کہ جس قدر محنت اس فانی دنیا پر ہورہی ہے، آہستہ آہستہ وہاں سے ہٹ کر یہ محنت آخرت پر ہونے لگے اور حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا مبارک دین زندہ ہو، مسلمانوں کی پوری زندگی میں سرایت کرجائے، تجربہ یہ ہے کہ تجربہ کردہ نظام پر عمل کرنے سے زندگی کا رخ بڑی حد تک بدل جاتا ہے، مگر اچھے اصولوں کی پابندی بے حد ضروری ہے، ورنہ حد درجہ قائم رہنا دشوار ہوجائے گا۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

املاہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۵/۵/۱۴۰۱ھ۔

تبلیغی جماعت کے امیر کے لئے ضروری شرائط

سوال (۱۰۰۸۴): تبلیغی جماعت میں ایک امیر ہوتا ہے، ان کے لئے کن کن باتوں کا ہونا شرط ہے، آنوالی بالکل نہ ہوں، تو اس کو امیر بنانا کیسا ہے؟ جس طرح ابھی تبلیغ کا کام مسلمانوں کی ٹولی میں چند لکھا کر جانے وغیرہ سب مل کر کرتے ہیں، ایسا کرنا حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یا صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہ یا چاروں امام میں سے کسی کا ایسا طریقہ رہا ہے کہ مسلمانوں میں جاکر تبلیغ کریں اور وہ بھی چند لکھا کر، پہلے کی تاریخ دیکھنے سے یہ پتہ چلتا ہے کہ بزرگان دین چلہ ۴۰ روز یا اس سے بھی زائد ایک جگہ بیٹھ کر عبادتوں میں مشغول رہتے تھے۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

جیسے امام نماز کے لئے اعلیٰ صفات کی ضرورت ہے، مگر جب ان صفات کا امام نہ ملے، تو مجبوراً کم درجے کے آدمی کو امام بنالیا جاتا ہے، اس طرح تبلیغی جماعت کے امیر کا حال ہے، جو شخص نماز کے لئے مسجد میں نہ آتا حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان کے متعلق تحقیق فرماتے، مکان پر آدمی بھیجتے تھے(۱)، یہاں تک کہ

---

(۱) عن أبي بن كعب (رضي الله تعالى عنه) قال صلى بنا رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم يوما الصبح فقال: أشاهد فلان قالوا: لا قال: أشاهد فلان قالوا: لا قال: إن هاتين الصلاتين تثقلان المنافقين الخ". (سنن أبي داود، كتاب الصلاة، باب في فضل صلاة الجماعة: ۸۳/۱، رحمانيه) -

ارشاد فرمایا کہ دونوں صحیح ہیں نماز میں نہیں آتے، نبی ہوتا ہے کہ ان کے ہاتھوں میں آسمانی کتابیں (۱) ہیں یعنی ہدایت میں موجود ہے کہ ترک جمعہ کی سخت مخالفت کبھی نہیں ہوئی تھی (۲) اسی وجہ سے میں نے عرض کیا تھا کہ لوگوں پر چھاتے اور گھونسے کی ضرورت نہیں تھی۔ اب آپ خود دیکھ لیں کہ کتنے لوگ ہیں جو نماز میں نہیں آتے (۳) اور کتنے لوگ ہیں جن کی نماز نہیں آتی (۴) اور کتنے لوگ ہیں جن کو نماز ہی نہیں آتی (۵) اور نماز میں جو کچھ پڑھا جاتا ہے اس کا مطلب سمجھنا۔ سے تو بہت ہی کم ہیں ان کے اب خاتمہ ہے۔

---

(۱) عن عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال سلیمان بن أبي حثمة في صلاة الصبح، وابن عمر عبد إلى السوق، وسكن سلیمان بین السجدة والسوق فمر على النساء أم سلیمان، فقال لها: أين سلیمان في الصبح؟ قالت: إنه بات يشتكي فعدته غداة، فقال عمر رضي الله تعالى عنه: لأن أشهد صلاة الصبح في جماعة، حب إلي من أن أزور تبيذا، موطأ إمام مالك، كتاب الصلاة، باب ماجاء في العتمة والصبح، ص ۱۱۵، قديمي،

ومشكاة المصابيح، كتاب الصلاة، باب الجمعة وفضلها، الفصل الثالث، ص ۹۷، قديمي،

(۲) عن أبي هريرة رضي الله تعالى عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم: لقد هممت أن آمر بالصلاة فتقام، ثم آمر رجلا فيصلي بالناس، ثم أنطلق معي برجال معهم حزم من حطب إلى قوم لا يشهدون الصلاة، فأحرق عليهم بيوتهم بالنار، صحيح أبي داود، كتاب الصلاة، باب التشديد في ترك الجماعة، ۹۴، رحيميه،

وصحيح مسلم، كتاب المساجد ومواضع الصلاة، باب فضل صلاة الجماعة وبيان التشديد في التخلف عنها، ۲۳۲، قديمي،

ومشكاة المصابيح، كتاب الصلاة، باب وجوب الصلاة، الفصل الثالث، ص ۶۰، قديمي،

(۳) عن عبدالله بن مسعود رضي الله تعالى عنه قال: حافظوا على هؤلاء الصلوات الخمس حيث ينادى بهن، وإنه والله لقد شرع لنبيكم صلى الله عليه وسلم سنن الهدى، وإنهن من سنن الهدى، ولو أنكم صليتم في بيوتكم كما يصلي هذا المتخلف في بيته لتركتم سنة نبيكم، ولو تركتم سنة نبيكم لضللتم، وما من رجل يتطهر فيحسن الطهور ثم يعمد إلى مسجد من هذه المساجد إلا كتب الله له بكل خطوة يخطوها حسنة، ويرفعه بها درجة، ويحط عنه بها سيئة، ولقد رأيتنا وما يتخلف عنها إلا منافق معلوم النفاق، الحديث، رواه أبو داود، كتاب الصلاة، باب التشديد في ترك الجماعة، ۹۴، رحيميه،

وصحيح مسلم، كتاب المساجد ومواضع الصلاة، باب فضل صلاة الجماعة وبيان التشديد في التخلف عنها، ۲۳۲، قديمي،

ومسند النسائي، كتاب الإمامة، باب المحافظة على الصلوات حيث ينادى بهن، ۱۳۲، قديمي،

جیسے کہ دینی مدارس اور اساتذہ کے طلبہ کے لئے کتابیں، اور رسالے، کمرے، مطبخ، اسکان، وغیرہ تعمیر کی چیزیں، جس کا انتظام کیا جاتا ہے جو حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وقت نہیں تھی، یہ سب دین سیکھنے اور اس پر عمل کرنے اور دین کی اشاعت کے لئے ہے، جو امر خیر ہی خیر ہے۔ واللہ واللہ تعالیٰ اعلم۔

الجواب صحیح: احقر محمود غفرلہ، دار العلوم دیوبند، ۲۳/۷/۱۴۰۰ھ۔

کیا تبلیغی جماعت فتنہ ہے؟

سوال [۱۰۰۱۰]: مسلک دیوبند سے وابستہ ایک عالم نے حال میں ایک رسالہ تحریر کیا، جس کا نام ہے "مروجہ تبلیغی جماعت" کتاب لینے کا پتہ "مدرسہ ذوالقرنین، اکراون ضلع امروہا" اس رسالہ کا خلاصہ یہ ہے کہ تبلیغی جماعت ان جملہ فتنوں میں سے ایک فتنہ ہے، جن میں شرکت بدعت و گمراہی ہے، ان عالم صاحب کا کہنا ہے کہ مروجہ تبلیغی جماعت اپنی موجودہ ہیئت کذائیہ مثلاً: چلہ، دعا، خیر، بیداری شب جمعہ وغیرہ وغیرہ بدعت ہے، اس کا قرآن وسنت سے کوئی تعلق نہیں ہے، تو کیا حضرات علماء کے حق کا اس میں شریک ہونا، اعانت کرنا حرام ہے؟ بعض حضرات کا ذاتی خیال یہ ہے کہ یہ رسالہ خود ایک زبردست فتنہ ہے، اس سے عوام میں گمراہی کے شیوع کا خدشہ ہے۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

اس رسالہ کے مصنف کے شیخ حضرت مولانا یحییٰ اللہ رحمہ اللہ تعالیٰ نے مروجہ تبلیغی جماعت اور اس کے کام کو پسند فرمایا اور تائید کی ہے، نیز مصنف رسالہ کے استاذ و مربی حضرت مولانا اسعد اللہ صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ خیر حیات تک تائید فرماتے رہے، نیز دیگر اکابر حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی صاحب، حضرت مفتی کفایت اللہ صاحب وغیرہم رحمہم اللہ تعالیٰ نے تائید فرمائی ہے، ایک کتاب ہے، جس کا نام ہے "تبلیغی کام ضروری ہے" اس میں اکابر مذکورین اور موجودین کی تحریرات ایک صاحب نے شائع کردی ہے، اصل یہ ہے کہ آپ بہت کام میں لگے کر دیکھ لیجئے تو صحیح رائے قائم کی جائے اور جو اشکالات لکھے ہیں، وہ خود ہی حل ہو جائیں، میرے خیال میں اس کا جواب لکھنے کی ضرورت نہیں کہ قلمی لڑائی کا دروازہ کھلتا ہے، جس کو اشکال ہو، وہ حل کرے، حضرت شیخ حدیث صاحب مدظلہ نے اعتراضات کے جوابات شائع کرا دیئے ہیں، فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دار العلوم دیوبند، ۸/۷/۱۴۰۰ھ۔

www.ahlehaq.org

طلباء کا تبلیغی جماعت میں جانا

سوال [۱۰۰۹۱]۔ کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ دینی مدارس کے طلباء اگر کبھی کبھی زمانۂ تعلیم میں کچھ دنوں کے لئے رخصت لے کر دین کے لئے تبلیغی جماعت کے ساتھ چلے جائیں تو کیا یہ مناسب نہ ہوگا، اول تو طلباء کو توفیق شرکت کی ہوتی ہے دوسرے اساتذہ کی طرف سے کہا جاتا ہے کہ یہ جاہلوں کی جماعت ہے، بینوا توجروا۔ مفصل جواب مطلوب ہے۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

